★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 19 ربیع الاول 1445ھ 24 ستمبر 2024ء 8 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 343

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک ڈی جی آئی ایس آئی تعینات

لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک 30 ستمبر کو اپنی نئی ذمہ داری سنبھالیں گے، اس وقت جنرل ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) میں ایڈجوٹینٹ جنرل کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، رپورٹ

لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک فورٹ لیون ورتھ اور رائل کالج آف ڈیفنس اسٹڈیز کے گریجویٹ بھی ہیں، لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک چیف انٹرسٹرکٹرز ان ڈی یو اور انسٹرکٹر کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ بھی تعینات رہ چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک کو انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کا ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) تعینات کر دیا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چین کے 75 ویں قومی دن کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وزیر داخلہ کی سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی سے ملاقات

محسن نقوی کی سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی سفیر کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ڈپلومیٹک انکلیو میں سعودی عرب کے سفارت خانے آمد، سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا استقبال کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے سعودی سفیر سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

چین کے صدر شی جن پنگ کی وزیراعظم شہباز شریف کو سالگرہ پر مبارکباد

سٹریٹیجک تعاون کے فروغ اور دیرپا پیک کی تعمیر کیلئے مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چین کے صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک

تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں آپ کے ساتھ مل کر چین پاکستان سٹریٹیجک تعاون کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

قاتلوں کو عبرت کا نشان بنانے والے قاتلوں کے محافظ بن گئے، فضل الرحمان

جمعیت علماء اسلام کے سربراہ کا جے یو آئی کارکن مولانا ثاقب فیاض کے قتل پر گہرے رنج وغم کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے جے یو آئی کارکن مولانا ثاقب فیاض کے قتل پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ فضل الرحمان نے کہا کہ مولانا ثاقب فیاض کی بے دردی سے شہادت پر افسوس ہے، شہید کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیں گے، انہوں نے کہا کہ واقعہ میں انسانیت اور چادر چاردیواری کا تقدس پامال کیا گیا، راولپنڈی انتظامیہ، آئی جی پنجاب اور پنجاب حکومت کی بے حسی قابل مذمت ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ قاتلوں کو عبرت کا نشان بنانے والے قاتلوں کے محافظ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پی ٹی آئی قومی اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی حقدار

سپریم کورٹ کا تفصیلی فیصلہ جاری

الیکشن کمیشن کا یکم مارچ فیصلہ آئین سے متصادم، فیصلے کی کوئی آئینی حیثیت نہیں، 41 ایم این ایز کے 15 روز کے اندر متحفظ شدہ بیان لیں، الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں پر تحریک انصاف کے امیدواروں کو نوٹیفائی کرے

8 ججز کا متفقہ فیصلے میں دو ججز کے اختلافی نوٹ پر تنخواہیں کاٹنے کا اظہار کیا، دو ججز نے اکثریتی فیصلے پر اختلاف کا اظہار کیا، مناسب نہیں، مخصوص نشستوں سے متعلق تفصیلی فیصلہ 70 صفحات پر مشتمل، تفصیلی فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے مخصوص نشستوں سے متعلق کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن کا یکم مارچ فیصلہ آئین سے متصادم ہے، اس فیصلے کی کوئی آئینی حیثیت نہیں۔ الیکشن کمیشن کا کہنا وہ باقی 41 ایم این ایز کے 15 روز کے اندر متحفظ شدہ بیان لیں، الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں پر تحریک انصاف کے امیدواروں کو نوٹیفائی کرے۔ 8 ججز نے تفصیلی فیصلے میں دو ججز کے اختلافی نوٹ پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جسٹس ماہ لیں الدین خان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

سی پیک دو قوموں کیلئے امید، ترقی اور خوشحالی کی علامت ہے، نواز مریم

پاک چین دوستی کا بانڈ محض اسٹریٹجک مفادات پر مبنی نہیں، یہ دل اور روح کا رشتہ ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

چین سے شراکت داری کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، پنجاب حکومت چینی سرمایہ کاروں کیلئے خصوصی پیکیج دے رہی ہے

چین کی کامیابیاں ہمارے لیے بھی حوصلہ افزائی اور قابل تقلید ہیں، ضرورت کی ہر گھڑی میں چین پاکستان کیساتھ کھڑا ہے

وزیراعلیٰ مریم نواز کی چین کے 75 ویں قومی دن کی تقریب میں شرکت، قونصل جنرل ژاؤ شیریں سے ملاقات، قومی دن پر مبارکباد

ژاؤ شیریں نے خطاب میں وزیراعلیٰ کے عوام دوست اقدامات کو سراہا، نواز شریف آئی ٹی سٹی، کینسر ہسپتال، ایئر ایمبولینس، اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا خصوصی ذکر کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز، چینی قونصل جنرل اور دیگر نے مشترکہ چین کی 75 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا، گلزار پرفارمنس، پاکستان اور چین کے قومی ترانے پیش

تقریب میں شریک دیگر مہمانوں کی بھی مریم نواز شریف سے ملاقات اور چین کے قومی دن پر مبارکباد دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ

باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 9



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور صدر ایوان لیگ میاں نواز شریف سے امریکی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

شہباز شریف کی بنگلہ دیش کے ڈاکٹر یونس سے آج ملاقات طے ہوگئی

برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹامر سے شہباز شریف کی ملاقات 25 ستمبر کو ہوگی، ذرائع

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور ڈاکٹر یونس کے درمیان آج منگل کو ملاقات ہوگی، ملاقات میں پاک بنگلہ دیش تعلقات کی بحالی پر بات ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات کے دوران مشترکہ کانفرنس کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

وزیر داخلہ محسن نقوی کی سعودی عرب کے قومی دن پر مبارکباد

پاکستان اور سعودی عرب کے عوام مذہبی اور برادرانہ رشتوں سے جڑے ہوئے ہیں پیغام بھاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے عوام مذہبی اور برادرانہ رشتوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی عوام، حکمرانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے سعودی شاہ سلمان، ولی عہد محمد بن سلمان، شاہی خاندان اور سعودی عوام کو خیر سگالی کا پیغام دیا ہے۔ اپنے پیغام میں وفاقی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مذاقی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پاکستانیوں کیلئے بڑی خوشخبری، بجلی سستی ہونے کا امکان

حکومت کی آئی پی پیز سے بات چیت سے متعلق پیش رفت جلد سامنے آنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) عوام کیلئے خوشخبری ہے کہ بجلی نیرف دت جلد سامنے آئے گی، حکومت کی آئی پی پیز سے بات چیت سے متعلق پیش رفت جلد سامنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ثقافت ہماری طاقت، بندوق ہماری ثقافت نہیں ہے، اسمبل ولی خان

کراچی کے پختونوں نے اپنے گھر کو زندہ رکھا ہوا ہے کراچی میں پختون کھرل ڈے کی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) اے این پی کے رہنما اسمبل ولی خان کا کہنا ہے کہ بندوق ہماری ثقافت نہیں ہے، ہماری ثقافت ہماری طاقت ہے۔ کراچی میں پختون کھرل ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسمبل ولی خان نے کہا

باقی صفحہ 13 بقیہ نمبر 13

حکومت کی مالیاتی پالیسی میں مداخلت نہیں کریں گے، سپریم کورٹ

وفاقی حکومت ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر سکتی ہے، یہ فیڈریشن کا پالیسی معاملہ ہے، جسٹس منصور علی شاہ

کی مالیاتی پالیسی میں مداخلت نہیں کریں گے۔ سپریم کورٹ میں کپڑوں کی پیکنگ کیلئے درخواست خارج کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت

باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12

امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی نواز شریف، مریم نواز سے ملاقات

جاتی امراء میں ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے جاتی امراء میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

باقی صفحہ 11 بقیہ نمبر 11

ایف بی آر کے پاس ٹیکس ریٹرنز کے آڈٹ کی صلاحیت نہیں: وزیر مملکت خزانہ

جب تک ملک میں معاشی استحکام نہیں ہوگا کوئی پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں کرے گا، بلال پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک نے کہا کہ ایمنیکس ریٹرنز کے آڈٹ کی ایف بی آر کے پاس صلاحیت ہی نہیں۔ بلال پرویز ملک نے کہا کہ جب تک ملک میں معاشی استحکام

باقی صفحہ 10 بقیہ نمبر 10

سوشل میڈیا غلط استعمال کرنے والوں کی ہونی چاہیے بھرپور نکیل کسی

فلک جاوید کے والد نے میری ویڈیو کا الزام بھی مریم نواز پر لگا دیا، وزیراعلیٰ غیر پختونخوا کی گندی اور گھٹیا گفتگو کا علاج ہم نے کر دیا

لندن میں میری اجازت کے بغیر میری تصویریں لی گئی، جو جھوٹ کہے گئے میں بات بھی نہیں سکتی تھی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے غلط استعمال پر

باقی صفحہ 14 بقیہ نمبر 14



اسلام آباد، وفاقی وزیر تخوا ظمیر نیز اڑ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان کا حق کسی کو سبسڈ ائرز کی آڑ میں نہیں دینے دیں گے، ملک احمد خان

آئین کے بنیادی ڈھانچے کے مطابق پارلیمان قانون سازی کرنے کا اختیار رکھتی ہے، تمام ادارے اسکے تابع ہیں

مذاکرات ہر مسئلے کا حل، فلور کراسنگ کا قانون موجود ہے، اپوزیشن آئین کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبر نگار) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پارلیمان کا حق کسی کو سلب

باقی صفحہ 31 بقیہ نمبر 31



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے سابق گورنر ظہیر الحسن لاشی کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز چینی قونصل جنرل اوان کی اہلیہ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر مین کے 75 ویں قومی دن کی تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

پی ٹی آئی کا اگلے ہفتے میانوالی میں جلسے کا اعلان

جعلی حکومت تاخیری حربے ضرور استعمال کرے گی مگر جلسے کو ناکام نہیں بنا سکتی، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا گی جعلی حکومت تاخیری حربے ضرور استعمال کرے گی مگر جلسے کو ناکام نہیں بنا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر سیف کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام کا سمندر اگلے ہفتے میانوالی کا رخ کریں

باقی صفحہ 29 بقیہ نمبر 29

سپریم کورٹ کا دفاعتی فیصلہ الیکشن کمیشن کی پابندی کی وجہ سے جاری ہوا، شعیب شاہین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شعیب شاہین نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا دفاعتی فیصلہ الیکشن کمیشن کی پابندی کی وجہ سے جاری ہوا

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30

مکلی دفاع کیلئے جانیں قربان کرنے والوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: عمر ایوب

دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان نے مالم جبہ ورڈپر پولیس موبائل پر بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار کی جان کا ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ قائد

باقی صفحہ 15 بقیہ نمبر 15

پی ٹی آئی ایم این ایز کی جبری حراست، آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ پیش

دونوں ارکان پارلیمنٹ ہیں، ان کے ایسے پروڈکشن آرڈر جاری نہیں کیے جا سکتے، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے ایم این ایز کو پنجاب ہاؤس میں جبری حراست میں رکھنے کے

باقی صفحہ 28 بقیہ نمبر 28



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے ازبکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سی پیک کو سبوتاژ کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں، دانیال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ کئی بیک کو سبوتاژ کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دانیال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی پاکستان کو کمزور کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی اخبار نے کہا

باقی صفحہ 27 بقیہ نمبر 27

پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس کے خلاف درخواست پر پیمرا کو نوٹس جاری

لاہور ہائی کورٹ نے پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس 2024ء کے خلاف درخواست پر متعلقہ حکام کو اعتراض دائر کرنے کا حکم دیدیا

درخواست میں پیمرا، وفاقی حکومت اور سیکرٹری اطلاعات کو فریق بنایا گیا ہے، درخواست پر سماعت 17 ستمبر کو ہوگی

باقی صفحہ 17 بقیہ نمبر 17

تحریک انصاف نے پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا

پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس سپریم کورٹ کے فیصلے کی واضح خلاف ورزی ہے، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ پریس اینڈ پروپیگنڈا آرڈیننس سپریم کورٹ کے فیصلے کی واضح

باقی صفحہ 33 بقیہ نمبر 33

رضا ربانی کا آئینی ترامیم کا مسودہ عوام کے سامنے بحث کیلئے پیش کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت آئینی ترامیم کا مسودہ عوام کے سامنے بحث کے لیے پیش کرے۔ ایک بیان میں رضا ربانی نے کہا کہ عدلیہ سے متعلق ترامیم پر قانونی برادری کے منتخب نمائندوں سے مشاورت کی جائے۔ انہوں نے کہا

باقی صفحہ 26 بقیہ نمبر 26

کے پی حکومت قیام امن کی کوششوں میں مخلص نہیں، فیصل کریم کنڈی

اسکی بے عملی دہشت گردوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے، گورنر کے پی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ 11 مہینے کی سفاک کنڈی نے کہا ہے کہ 11 مہینے کی دہشت گردی کی مذمت کرتا ہوں، پولیس اور پرامن شہریوں کی قربانیوں کی معترف ہوں، صوبائی حکومت کی بے عملی دہشت گردوں کے حوصلے بڑھا رہی ہے، سفاک دہشت گردی کے خاتمے کیلئے

باقی صفحہ 19 بقیہ نمبر 19

پولیس کے خلاف عوامی شکایات کے ازالے کیلئے بڑا اقدام

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر "پروفنل پولیس کمپلینٹ اتھارٹی" کے قیام اور ممبران کی سلیکشن کا معیار طے کرنے کیلئے باقی پارٹ کمیٹی قائم

پولیس آرڈر 2002ء کے تحت پولیس کے خلاف سنگین شکایات کے ازالے کیلئے پروفنل پولیس کمپلینٹ اتھارٹی کا قیام لازم ہے

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب کا پولیس کے خلاف عوامی شکایات کے ازالے کیلئے بڑا اقدام اور "پروفنل پولیس کمپلینٹ اتھارٹی" کے

باقی صفحہ 20 بقیہ نمبر 20



اسلام آباد، مولانا فضل الرحمن سے سابق گورکشاہ خان آفریدی ملاقات کر رہے ہیں

لوگ تیار ہو رہے ہیں اس احتجاج کا دائرہ وسیع ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

جب تک کے الیکٹرک کا فرانزک آڈٹ نہ ہو، کسی بھی ڈسکو کو پرائیویٹ نہ کیا جائے

بجلی کا بحران ہے، موسم بہتر ہو گیا اس کے باوجود یونٹ کم نہیں ہوئے، کراچی میں پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، ممبر سازی مہم جاری

باقی صفحہ 23 بقیہ نمبر 23



امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن اور امور نوحرتی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجتونخوا میں سرکاری وکلائی ہڑتال کا پانچواں روز، عدالتی امور شدید متاثر

ڈپازیکٹ کی وجہ سے بینک پراسیکیوٹرز عدالتوں میں مقدمات کی پیروی کے لیے پیش نہیں ہو رہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سرکاری وکلا کی ہڑتال کو پانچ روز ہو گئے، جس سے عدالتی امور

شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ سرکاری وکلا کی جانب

باقی صفحہ 24 بقیہ نمبر 24

جعلی دستاویزات پر کراچی سے جرمنی جاتے ہوئے 3 افغان خواتین گرفتار

خواتین کو ائیرپورٹ پر امیگریشن حکام نے ایک دوسرے کے حوالے کر دیا جہاں ان کے خلاف مقدمہ درج ہوگا

کراچی (این این آئی) جعلی میڈیکل اور کاروباری دستاویزات پر پاکستان آ کر کراچی سے جرمنی

جاتے ہوئے مزید 3 افغان خواتین کو ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیا گیا

باقی صفحہ 22 بقیہ نمبر 22

جلسے کے انتظامات کے معاملے پر دو رہنما آپس میں دست و گریباں ہو گئے

صدارتی خطاب شروع ہوا تو ممتاز محمود اور فرخ جاوید مون نے ایک دوسرے پر تھپڑوں کی بارش کر دی، پی ٹی آئی ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 21 ستمبر کو لاہور میں ہونے والا جلسہ انتظامات کے

باقی صفحہ 21 بقیہ نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

کاہنہ کے علاقے میں واقع سبحان شاہ دربار روڈ کے تعمیراتی منصوبے پر کام کے آغاز پر اہل علاقہ نے خوشی کا اظہار کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) کاہنہ کے علاقے میں واقع سبحان شاہ دربار روڈ کے تعمیراتی منصوبے پر کام کے آغاز پر اہل علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے رکن پنجاب اسمبلی راناراشد شہناس کی کاوشوں کو سراہا ہے ایک بیان میں علاقے کے معروف سماجی راہنما ناز بشانے کہا ہے کہ رکن پنجاب اسمبلی راناراشد شہناس سچ مچوں میں سپاہ کبار کے مستحق ہیں جنہوں نے کاہنا کے دربار سبحان شاہ کو عیدگاہوں کی سنوری مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سڑک کے منصوبے کا آغاز کرکے نازیہ شاہ نے کیا کہ سابق چیئرمین یونین کونسل ملک جاوید اقبال علاقے کے ہر دل عزیز رہنما ہیں جنہوں نے علاقے میں بالعموم اور قبرستان کمیٹیوں کے ہر دلعزیز ممبران کی خصوصی دلچسپی سے دربار سبحان شاہ روڈ کے منصوبے کو حکومت پنجاب کے ترقیاتی پروگرام میں شامل کرانے کے تمام قواعد و ضوابط پورے کرائے نازیہ شاہنے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ نون کی قیادت عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے اور دور دراز کے پسماندہ علاقوں میں بھی خیر وقراری سے ترقیاتی کام جاری ہیں جس پر عوام ان کے احسان مند ہیں۔

لاہور تھانہ شالیمار پولیس انچ اور بحران اور ان کی ٹیم نے منشیات کی ترسیل ناکام بنادی

سابقہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا



لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور تھانہ شالیمار پولیس انچ اور بحران اور ان کی ٹیم نے منشیات کی ترسیل ناکام بنادی ساتھ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا پولیس انچ او تھانہ شالیمار کی پوس ٹیم کے ہمراہ انسپکٹر بیٹ گشت ڈی ایس پی سرکل ڈویژن سٹیشن ریڈ بیٹ منشیات کی سپلائی دینا ہوا رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 20 کلو سے زائد چرس 2 لاکھ روپے مالیت کی برآمد کرلی ملزم کا لاہور کے مختلف علاقوں میں منشیات فروشی کا اعتراف کیا ہے ملزم کے خلاف تھانہ شالیمار میں مقدمہ درج مزید تفتیش کے لیے حوالہ انویسٹیگیشن ونگ منشیات سیل کردیا گیا ایس پی انویسٹیگیشن ڈاکٹر عبدالسلان کی ایس انچ او تھانہ شالیمار بحران اور اور پولیس ٹیم کو انعام و منشیات کی کامیابی کرنے پر شاباش دی۔



میو ہسپتال وکنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں اے پی ایس ایس ملٹی ڈسپلنری بیسک اسپائن کورس اور ہینڈز آن کیڈیورک ورکشاپ تین روزہ ورکشاپ کے شرکا کا گروپ فوٹو







اے پی ایس ایس ملٹی ڈسپلنری بیسک اسپائن کورس اور ہینڈز آن کیڈیورک ورکشاپ تین روزہ ورکشاپ میو ہسپتال میں کامیابی سے اختتام پذیر

ورکشاپ میں قومی و بین الاقوامی ماہرین نے شرکا کو ریڑھ کی ہڈی کی سرجری کی تکنیکوں میں جدید علم اور ہاتھ سے تربیت فراہم کی

ورکشاپ آرتھوپیڈک اور ریڑھ کی ہڈی کی سرجری یونٹ 1 کا شعبہ میو ہسپتال لاہور/کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر انتظام منعقد کی گئی

لاہور (خبرنگار) اے پی ایس ایس ملٹی ڈسپلنری بیسک اسپائن کورس اور ہینڈز آن کیڈیورک ورکشاپ نے میو ہسپتال لاہور/ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں 3 روزہ ویبینار کا میابی کے ساتھ مکمل کیا۔ اس جامع ورکشاپ نے قومی اور بین الاقوامی ماہرین کو اکٹھا کیا، جس نے شرکا کو ریڑھ کی ہڈی کی سرجری کی تکنیکوں میں جدید ترین علم اور ہاتھ سے تربیت فراہم کی۔ ورکشاپ میں معزز بین الاقوامی فیکلٹی شامل تھی جن میں پروفیسر ہیں آئی ینگ پارک۔ آرتھوپیڈک اور ریڑھ کی ہڈی کی سرجری کے شعبہ کے چیف، یونیورسٹی کالج آف میڈیسن سیوریش ہسپتال، کوریا، پروفیسر رنیش کمار چیف آف آرتھوپیڈک اینڈ سپائن سرجری دیپارٹمنٹ، بینٹلے یونیورسٹی ہسپتال، سنگاپور کے علاوہ ملکی ماہرین میں پروفیسر شیخ دراتی، پروفیسر عارف خان، پروفیسر محمد اقبال پروفیسر فیصل مسعود، پروفیسر ابراہیم فاروق پاشا، پروفیسر حسنین ریاض، پروفیسر احسان باری، پروفیسر سہیل رفیق، پروفیسر مریم، پروفیسر رضوان یاسوئی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم اسسٹنٹ پروفیسرز مظہر علی چوہدری نعمان احمد ڈاکٹر زاہد وزیر ڈاکٹر عبدالستار، ڈاکٹر جواد سلیم شامل تھے تین دنوں کے دوران شرکاء نے تھیلی سیشنز کی ایک سیریز میں مشغول کیا، جس میں ریڑھ کی ہڈی کی جانچ، اٹیچمنٹ تکنیک، ٹیومر تھیلیں، ریڑھ کی ہڈی کے صدمے، انفیکشن، ٹیومر، اور جدید جراحی کے طریقوں جیسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔ آخری دن میں ایک کیڈیورک ورکشاپ منعقد کی گئی، جہاں شرکاء نے ضروری جراحی تکنیکوں کی مشق کی، بشمول lumbar pedicle screw discectomy insertion اور PLIF/TLIF تکنیک کے متعلق بتایا گیا۔ سیکرٹری جنرل APOA پروفیسر عارف خان نے اس کامیاب APSS تھیلیم شدہ تھیلی کورس کے انعقاد کی تعریف کی اور انجمن آرتھوپیڈک اور ریڑھ کی ہڈی کے سرجری کے ساتھیوں کی تھیلیمی ترقی کے لیے ایسے کورسز کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر تھیلیمی سیشنز کے علاوہ ہماری بین الاقوامی فیکلٹی کو لاہور کی بھرپور ثقافت اور تاریخ کو جاننے کا موقع ملا۔ انہوں نے بادشاہی مسجد، اور قلعہ اور شالیمار باغات جیسے تاریخی مقامات کا دورہ کیا، پنجاب، پاکستان کے متحرک ثقافتی ورثے کا تجربہ کیا۔ کیلئی نے گرمجوشی سے مہمان نوازی پر اظہار تشکر کیا اور خطے کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت سے بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے پاکستان میں مزید تھیلیمی اور تھیلیمی سرگرمیوں کے لیے واپس آنے کا وعدہ کرتے ہوئے مستقبل میں تعاون کے لیے اپنے جوش وخروش کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر کاہنا کا کہنا تھا کہ تقریب کی کامیابی میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے بھرپور تعاون کیا۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

پولیس کی کارروائی پیشہ ور نوٹی ڈیٹ وچور گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، انچارج انویسٹی گیشن لوہاری گیٹ، انسپکٹر اب پولیس کی گرفت میں ہیں، منصوبہ چالان مرتب کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی انویسٹی گیشن سٹی منزہ کرامت، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف انویسٹی گیشن پولیس کی کارروائیاں جاری رہیں گیں، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر ایس پی انویسٹی گیشن محمود نوید کی طرف سے پولیس ٹیم کے لئے تعریفی اسناد کا اعلان۔

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، انچارج انویسٹی گیشن لوہاری گیٹ، انسپکٹر اب پولیس کی گرفت میں ہیں، منصوبہ چالان مرتب کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی انویسٹی گیشن سٹی منزہ کرامت، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف انویسٹی گیشن پولیس کی کارروائیاں جاری رہیں گیں، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر ایس پی انویسٹی گیشن محمود نوید کی طرف سے پولیس ٹیم کے لئے تعریفی اسناد کا اعلان۔

ریلوے پولیس نے گزشتہ 8 ماہ میں 626 معصوم بچوں کو والدین سے ملوایا، 2000 مسافروں کو کروڑوں کا سامان واپس کیا



لاہور (نمائندہ خصوصی) ریلوے پولیس نے بے مثال پیشہ وارانہ مہارت اور فرض کی انجام دہی میں غیر متزلزل لگن کے تحت گزشتہ 8 مہینوں میں 31 اگست 2024 تک تقریباً 626 کے قریب معصوم بچوں جن میں لڑکیاں، لڑکے اور خواتین شامل ہیں کو انکے ورثاء کے حوالے کیا۔ اس کے علاوہ تقریباً 2000 مسافروں کا کشدہ سامان جس کی مالیت تقریباً 1 کروڑ 92 لاکھ روپے بنتی ہے کو بحفاظت مسافروں کے حوالے کیا گیا۔ مزید برآں تقریباً 13360 مفرور، ذہنی طور ضعیف مسافروں کو ابتدائی طبی امداد، وہیل چیئر اور اسٹریچر جیسی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 8 ماہ میں راولپنڈی ڈویژن سے تقریباً 146، لاہور 149، کراچی 128، سکھر 67، پشاور 66، ملتان 57 کو کنڈیڈ ڈویژن نے 13 لاوارث/گھر سے بھاگے والے بچوں کو ان کے والدین اور اہلیہ جیسے قانونی اداروں کے حوالے کیا۔ اسی طرح راولپنڈی ڈویژن نے 2906 مسافروں کی مدد کی اور تقریباً 43 لاکھ 70 ہزار مالیت کا سامان واپس کیا۔

رائیونڈ ڈلفن سکواڈ کا سنیچر سٹریٹ کریمنل کیخلاف ایکشن

لاہور (کرائم رپورٹر) رائیونڈ ڈلفن سکواڈ کا سنیچر، سٹریٹ کریمنل کیخلاف ایکشن۔ رائیونڈ خاتون سے موبائل، پرس چھین کر فرار ہونے والا ملزم گرفتار ملزم خاتون سے پرس، موبائل چھین کر فرار ہوا تھا ڈلفن نے ملیہ جات کی بابت ملزم کو اڈا تھانہ آپ کیا ملزم کے قبضے سے پرس، موبائل، ضروری کاغذات برآمد ملزم ضبط کو تھانہ چوکی اڈہ پلاٹ کے حوالے کردیا گیا۔ ڈلفن سکواڈ جرائم کی سرکوبی کیلئے بھرپور کردار ادا کررہا ہے۔ ایس پی ڈلفن

صارفین کی شکایت کا فوری ازالہ لیسکو کی اولین ترجیح ہے، انجینئر شاہد حیدر

صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے حوالے سے سخت عملی پر غور کرنے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس

لاہور (خبرنگار) صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے حوالے سے سخت عملی پر غور کرنے کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس کی صدارت چیف ایگزیکٹیو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے کی ترمان لیسکو کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق اجلاس کے دوران چیف ایگزیکٹیو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کا کہنا تھا کہ صارفین کی شکایت کا فوری ازالہ لیسکو کی اولین ترجیح ہے، ان کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے جانبدارانہ اقدامات سے کرپشن میں ملوث عناصر کرپشن سے پاک نہیں ہوا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ اس حوالے اقدامات کو مربوط کردیا جائے، انہوں نے کہا کہ لیسکو میں موجود کرپٹ عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ لیسکو کے خالد مجود تھے۔

آئی ایس آئی دشمنان پاکستان کیلئے خوف کی علامت ہے: شوکت ورک

لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک کی قیادت میں آئی ایس آئی مزید منظم، مستعد اور فعال ہوگئی



لاہور (خبرنگار) ڈائریکٹر آئی ایس آئی یونین جرنلسٹ (دستور) کے آخر بہادری ترجمان اور جنرل سیکرٹری ڈائریکٹر بارڈر کے کہا کہ بھارتی قاتل فوج آئی ایس آئی کا وجود دشمنان پاکستان کیلئے خوف کی علامت ہے۔ افواج پاکستان سب سے آئی ایس ایم آئی اور آئی ایس پی آر سمیت شعبہ جات بھی پاکستانیوں کو بیحد عزیز ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک کی بحیثیت ڈی جی آئی ایس آئی تعیناتی ڈوبتے سہارے تھا وہ ہوا کا جھونکا ہے۔ ان شاء اللہ پاک فوج کے اندر یہ انتظامی تبدیلی بھی بقینا پاکستان کیلئے خیر کا وسیلہ ہوگی۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب جب پاک فوج کے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی ملٹری قیادت میں ڈی جی آئی ایس آئی رہے ہیں اسکے پیشہ وارانہ اقدامات سے قوتوں کے ہاں صف ماتم بچھ گئی ہے۔

حکومت ملک اور عوام سے مخلص ہے تو آئی پی پیز معاہدوں کی تفصیلات سامنے لائے، ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی



لاہور (خبرنگار) مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی پی پیز کے ساتھ کئے گئے معاہدوں کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ آئی پی پیز معاہدے عملی صیغت کے لیے لاہور ہائی کورٹ بنچ میں ریفرنس دائر کرنے کی کمائی کے 1900 روپے کھٹنی ہنٹ کی مد میں ادا کیے جارہے ہیں۔ بجلی کے بلوں میں بھاری بھرکم ٹیکس لگانے سے ٹیکٹائل بنڈ گیرمنٹ مفلوج، لوگ خوکشیاں کرنے پر مجبور ہیں، تاجر دوست کیونکی پاکستان چھوڑ کر بھاگ رہی ہے، لاکھوں لوگ بیروزگار ہوگئے ہیں۔ اشرافیہ آئی پی پیز کے نام پر خزانے کو دیمک کی طرح خالی کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شالیمار کمیشل ایریا میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پی ٹی آئی کے ساڑھے تین سال دیکھے ہیں، عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی کے بم گرائے گئے، ہر ادارے میں کرپشن کے ریکارڈ قائم کیے گئے، ہر ادارے کو تباہ کیا گیا، ملک کو 25 ہزار ارب روپے کا مقروض کیا گیا، ہر پاکستانی 1 لاکھ روپے کا مقروض ہے، ہر بچہ پیدا ہوتے ہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 24 ستمبر 2024ء

فیروزوالہ پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام، ڈاکو سرعام دندنانے لگے

تھانہ فیروزوالہ کچے کے علاقے میں تبدیل ڈاکو بلاخوف وخطر سرکاری اسلحے کے زور پر عوام سے لوٹ مار اور پرتشدد وارداتیں کرنے میں مصروف، پولیس متاثرین کی دادرسی کرنے کی بجائے ڈاکو بھائیوں کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہوئے روایتی ٹال مٹول سے کام لینے لگی

گوجرانوالہ: (نوید بخاری) فیروزوالہ پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ڈاکو سرعام دندنانے لگے تھانہ فیروزوالہ کچے کے علاقے میں تبدیل ڈاکو بلاخوف وخطر سرکاری اسلحے کے زور پر عوام سے لوٹ مار اور پرتشدد وارداتیں کرنے میں مصروف پولیس متاثرین کی دادرسی کرنے کی بجائے ڈاکو بھائیوں کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہوئے روایتی ٹال مٹول سے کام لینے لگی تھانہ فیروزوالہ میں شب و روز خوفناک وارداتوں میں اضافہ پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے پولیس کی پر اسرار خاموشی اور مجرمانہ غفلت نے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو غیر یقینی بنا کر رکھ دیا متاثرین کی انصاف کے لیے دہائی منڈیالہ تیگہ کا رہائشی محنت کش سید رشید شاہ باسلسلہ ذریعہ معاش گوجرانوالہ سے سارا دن کی مشقت کے بعد رات کو اپنے گھر لوٹ رہا تھا کہ گکڑ کے گاؤں کے قریب مسلح اسلحہ آتشی آہنی راڈ وغیرہ اور AK47 رائفل سے لیس ڈاکوؤں نے آدبوچا غریب مزدور کی جیب سے کم پیسے نکلنے پر ڈاکو آگ بگولا ہو گئے اور لاکھ منت سماجت کے باوجود شدید تشدد کا نشانہ بناتے رہے رتی برابر ترس کیے بنا ہاتھ پاؤں جکڑ کر زخمی حالت میں کھیت میں پھینک کر موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر گالی گلوچ کرتے اور جان سے مار دینے جیسی سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے فرار ہو گئے بیچارہ مزدور کئی گھنٹے زخمی حالت میں روتا بلکتا بے یارومددگار پڑا رہا خدا کی طرف سے راہگیروں کی شکل میں مدد پہنچنے پر جان خلاصی ہوئی تو لوگوں نے 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع دی پولیس نے موقع ملاحظہ کرنے کے باوجود اصل حقائق چھپانے کی نیت سے زخمی کا میڈیکل کروائے بنا ہی حقیقت کے برعکس لنگڑی لولی ایف آئی آر درج کر کے خانہ پوری کرتے ہوئے ردی کی ٹوکری میں پھینک دی جبکہ مدعی کی بارہا نشاندہی کے باوجود اس کے ملزم گرفتار نہیں کیے جا رہے ملزمان کا بااثر اور پولیس کا ساز باز ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ انصاف کے تقاضے پورے نہیں کیے جا رہے سمجھ سے بالا تر ہے کہ متعلقہ پولیس کیا چھپانے اور کس کو بچانے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ وقوعے کو سرانجام دینے والے کردار روز روشن کی طرح عیاں ہیں پولیس کی حد درجہ کی وجہ سے ڈاکوؤں نے علاقہ مکینوں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے بے لگام ڈاکوؤں کا یکے بعد دیگرے وارداتیں کرنا قانون نافذ کرنے والے اداروں کے منہ پر ڈراؤنے دار طمانچہ ہے پریس کانفرنس میں بڑے بڑے دعوے کرنے والے آفسران کے لیے تھانہ فیروزوالہ پولیس کی کارکردگی باعث شرمندگی ہے۔



این جی اوز کا معاشرتی بہتری میں کردار نہایت اہم ہے، میڈم آمنہ بٹ

بعض این جی اوز حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد میں کوتاہی برتنے کی مرتکب ہوئیں



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال میڈم آمنہ بٹ نے کہا ہے کہ این جی اوز کا معاشرتی بہتری میں کردار نہایت اہم ہے جسے ہم نے ہمیشہ تسلیم کیا اور این جی اوز کے امور کو فعال بنانے کیلئے ہر ممکن تعاون شامل حال رکھا ہے بعض این جی اوز حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد میں کوتاہی برتنے کی مرتکب ہوئیں جنہیں بار بار اپنا سالانہ ریکارڈ و دیگر درکار کوائف فراہم کرنے کیلئے نوٹسز بھجوائے گئے مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا جس کے باعث ان این جی اوز کی رجسٹریشن منسوخ کرنا قانونی مجبوری ہے جس پر غور وخوض جاری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، مس آمنہ بٹ نے کہا کہ ہماری کسی این جی او سے کوئی انا کی جنگ نہیں نہ ہی ہم کسی سماجی ادارے کو بند کرنے کا کوئی ذاتی ایجنڈہ رکھتے ہیں بلکہ ہم نے تو ہمیشہ این جی اوز کو فعال بنانے کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور اب بھی ہماری اولین ترجیح ہے کہ جو ضلع بھر کے تمام رجسٹرڈ ادارے قانون و ایس او پیز کے تحت اپنی خدمات سرانجام دیں مگر شفافیت کیلئے کوائف کی تکمیل ناگزیر ہے لہٰذا جو سماجی تنظیمیں فلاحی امور کیلئے فعال کردار ادا کرنے کے ساتھ اپنے سالانہ ریکارڈ کوائف کی فراہمی یقینی بنائیں گی انہیں ہی رجسٹریشن کا حق حاصل رہے گا۔

حافظ آباد: سائیں ککھ نہ رہنا کے سالانہ عرس پاک کی روح پرور تقریب کا انعقاد

حضرت میاں محمد فاضل کے روحانی مقامات اور دین کی خدمت کے حوالے سے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مولانا غلام ربانی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں ٹھٹھہ گاہرہ میں دربار عالیہ آستانہ حضرت میاں محمد فاضل المعروف سائیں ککھ نہ رہنا کے سالانہ عرس پاک کی روح پرور تقریب منعقد ہوئی۔ اس مبارک تقریب میں علاقے بھر سے عقیدت مندوں اور علما کی بڑی تعداد شریک ہوئی، جنہوں نے اپنے روحانی مرشد کی تعلیمات اور فیوض و برکات پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں معروف عالم دین علامہ مولانا غلام ربانی نے خصوصی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے حضرت میاں محمد فاضل کے روحانی مقامات اور دین کی خدمت کے حوالے سے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ مولانا نے اس بات پر زور دیا کہ حضرت سائیں ککھ نہ رہنا کی تعلیمات کا محور محبت، امن اور خدمت خلق تھا، جو آج کے معاشرتی مسائل کے حل میں نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ عرس میں دربار عالیہ کے گدی نشین شیخ محمد پھیکا نے بھی خصوصی شرکت کی، جنہوں نے حضرت سائیں ککھ نہ رہنا کی حیات طیبہ اور ان کی کرامات پر تفصیل سے گفتگو کی۔ اس موقع پر ملک منیر احمد (پنجاب پولیس)، حافظ ریاست سلطان اور دیگر علاقہ کے معززین، علمائے کرام، اور عوام الناس نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ یہ تقریب مختلف روحانی سرگرمیوں سے بھرپور رہی، جن میں قرآن خوانی، نعت خوانی اور درود وسلام کی محافل شامل تھیں۔ دعا کے بعد حاضرین کو لنگر تقسیم کیا گیا اور اختتامی دعا میں ملکی سلامتی، امن وترقی کے لیے دعائیں مانگی گئیں۔ اس تقریب نے نہ صرف عقیدت مندوں کے دلوں کو منور کیا بلکہ حضرت میاں محمد فاضل کے آستانے سے وابستہ لوگوں کے روحانی تعلق کو بھی مزید مضبوط کیا۔

معروف صوفی شاعر پیر سید وارث شاہؒ کے سالانہ عرس کی تین روزہ تقریبات کا آغاز ہوگیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف صوفی شاعر پیر سید وارث شاہؒ کے سالانہ عرس کی تین روزہ تقریبات کا آغاز ہوگیا یہ تقریبات 25 ستمبر تک جاری رہیں گی عرس کے پہلے روز دربار کو عرس عرق گلاب سے غسل دیا گیا اور فاتحہ خوانی و دعا کی گئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیخوپورشاہد عمران مارتھ، ڈی پی او بلال ظفر شیخ و دیگر افسران اور نمائندہ شخصیات سمیت عرس انتظامیہ کمیٹی کے عہدیداران موجود تھے جبکہ زائرین کی کثیر تعداد نے عرس کی تقریبات میں شرکت کی۔

آج درج ذیل فیڈرز پر بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 1 بجے تک 24 ستمبر کو ترئیموں، رشید پور، دوسیرہ، کوٹ سلطان فیڈرز، 26 ستمبر کو مرغی پورہ، ملہوآنہ، کوٹ خان، شاہ جیونہ، کلیرہ، جوآنہ فیڈرز، 29 ستمبر کو کوٹ خان، شاہ جیونہ، کلیرہ، رسول پور، دوسیرہ، کوٹ سلطان فیڈرز، 30 ستمبر کو ریواز، باغ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

جماعت رضائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پاکستان کے زیر اہتمام میلاد مصطفیٰ وختم شریف

شکر گڑھ (نامہ نگار) جماعت رضائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پاکستان ڈھڈ یالہ تحصیل وضلع نارووال کے زیر اہتمام زیر سرپرستی خادم اہلسنت محمد عقیل رضوی، صوفی محمد عابد رضوی، عبدالرحمان رضوی و دیگر رضوی برادران مورخہ 26 ستمبر بروز جمعرات بعد از نماز عشاء نواحی گاؤں ڈھڈ یالہ میں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بسلسلہ ایصال ثواب وختم شریف عاشق رسول صوفی محمد شبیر رضوی مرحوم اور احمد رضا رضوی مرحوم منعقد ہوگی جس میں خصوصی طور پر پیر سید شاہد حسین قادری چنددوال، پیر سید احمد رضا بخاری ڈونگیاں دیگر مشائخ کرام شرکت فرمائیں گے۔ محفل پاک میں امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان گوجرانوالہ صاحبزادہ الحاج پیر محمد داود رضوی اور مجاہد اہلسنت پیر قاضی محمد یعقوب رضوی کے علاوہ دیگر علمائے کرام خطاب فرمائیں گے۔ قاری محمد نور عالم رضوی خصوصی طور پر کلام اعلیٰ حضرت پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

خاتون کے کلینک کے شیشے توڑنے اور بیٹے کو تشدد کا نشانہ بنانے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون کے کلینک کے شیشے توڑنے اور بیٹے کو تشدد کا نشانہ بنانے پر مقدمہ درج گا گا کی خاتون زبیرہ اپنے کلینک پر موجود تھی کہ اسی دوران ملزم سمیع اللہ ہمراہ نامعلوم ساتھی آگیا اور آتے ہی خاتون کے کلینک کے شیشے اور دروازے توڑنا شروع کر دیئے خاتون نے ملزمان کو منع کیا تو ملزمان نے اس کے بیٹے فہد کو گردن پر چاقو کے وار کر کے زخمی کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اغوا کے چار مختلف واقعات میں سب انسپکٹر کا بیٹا اور شادی شدہ خاتون سمیت چار افراد اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے چار مختلف واقعات میں سب انسپکٹر کا بیٹا اور شادی شدہ خاتون سمیت چار افراد اغوا پہلے واقعہ میں تھانہ موترہ کے علاقہ مبتلے کے مدثر کی شادی شدہ بہن کو ملزم عمیر نے اغوا کر لیا دوسرے واقعہ میں تھانہ موترہ کے علاقہ آلومہار کے سب انسپکٹر الطاف کا بیٹا گھر سے موبائل سیل کرنے گیا تو جو گھر واپس نہ پہنچا جس کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے تیسرے واقعہ میں رام رائیاں خورد کے ظفر کا بھائی گھر سے موٹر سائیکل لیکر نکلا تو واپس نہ آیا جس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کے بھائی کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں چوتھے واقعہ میں ڈسکہ کے عبداللہ کے بھائی کو بھی نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

خواجہ مسعود اختر چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد۔ نوفل زکریا کھانڈ

ریاض الدین شیخ کی قیادت میں بزنس کمیونٹی یکجان ہے۔ شاف علی کھانڈ

سیالکوٹ میں غیر قانونی پیٹرول پمپ سیز ختم نہیں کر سکتے، اسد کاظمی

گوجرانولہ میں مشینیں بنانے کی فیکٹریاں بند کرائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ میں غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسر و ایل پی جی دوکانوں کو ضلعی انتظامیہ کی حمایت



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ بھر کی چاروں تحصیلوں کے مضافات وشہر سیالکوٹ کے وسطی گنجان آباد محلوں چوراہوں اور دور دور دراز علاقوں میں غیر قانونی ریفلنگ پیٹرول وایل۔ پی۔ جی ریگولیشن اتھارٹی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اسد کاظمی کی پس پردہ حمایت سامنے آئی جب روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ سید اسد کاظمی کی توجہ ضلع سیالکوٹی کے طول وارض میں کھلے پیٹرول ڈسپنسرز وایل پی جی گیس ریفلنگ پوائنٹس و کھلے پیٹرول ٹینکس و سرعام ایرانی پیٹرول ڈیزل و ایل۔ پی۔ جی ریفلنگ کیرج سلائی گاڑیوں کی جانب مبذول کرانے بارے مبذول کرانے چاہی تو بجائے بطور زمہ دار ڈسٹرکٹ ریگولیشن اتھارٹی اے۔ ڈی۔ سی۔ جی سیالکوٹ نے غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسر دوکانوں ایل پی جی ریفلنگ اسٹیشنز کیخلاف کارروائی کرنے کے انہوں نے کہا کہ پہلے تو میڈیا والے گوجرانولہ میں قائم پیٹرول ڈسپنسرز فیکٹریاں بند کرائیں تا کہ غیر قانونی ریفلنگ دوکانداروں کو ڈسپنسر نہ ملیں نہ وہ یہ غیر قانونی دھندہ کریں۔ افسوس کا مقام یہ کہ عرصہ دراز سے اس غیر قانونی ریفلنگ دھندے نے اب تک گزشتہ کہیں سالوں میں متعدد قیمتی جانیں لیں اور مالی نقصانات کے علاوہ کثیر تعداد میں شہری زخمی بھی ہوئے۔ قابل افسوس امر یہ کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ اسد کاظمی وہ اتھارٹی ہیں جنہوں نے سول ڈیفنس سیالکوٹ انسپکٹنگ آفیسرز کریار حمانی وغیرہ کی متعدد بار بدعنوانی و کرپشن شکایتوں کے باوجود ہنوز ضلع سیالکوٹ میں تعیناتی قائم رکھی۔ متعدد بار کریار حمانی کرپشن چارجز میں سرنڈر و ٹرانسفر ہوئے مگر اپنے ایسے اثر رسوخ سے دوبارہ بحال ہو کر ضلعی انتظامیہ کا یہ کرپٹ کماؤ پوت شدو مد سے غیر قانونی دھندے کی معاونت کیساتھ کھلے پیٹرول ڈسپنسر دوکانوں پر کیمیکل ملے پیٹرول ڈیزل کی کھلے عام فروخت جاری کرا رہا ہے۔ باوثوق انویسٹی ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سیالکوٹ کی ضلعی انتظامیہ چار دن متحرک دکھائی دیتے سول ڈیفنس سیالکوٹ عملہ کو استعمال کر کے مشینیں ضبط و دوکانیں سیل و ڈیلی ویجیز والے چند فلر افراد گرفتار کر لیتے ہیں جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں علی باجوہ و احسان و دیگر اس قسم کے مالدار ڈسپنسر مشین مالکان عدالتوں سے 5 ہزار کے لگ بھگ جرمانے بھر کر اپنے بندے چھڑوا لیتے ہیں جبکہ سول ڈیفنس سیالکوٹ میں ضبط پٹرول وایل۔ پی۔ جی مشین 15 سے 20 ہزار میں ڈیلنگ کر کے انسپکٹنگ آفیسرز کریار اقبال سے دوں ارہ لیکر پھر غیر قانونی ریفلنگ کا مکروہ دھندہ شروع کر کے انتظامیہ کا منہ چڑا رہے ہوتے ہیں۔ واضح رہے کریار اقبال کرپشن کیسز کی وجہ سے دو بار سرنڈر ہو چکا، پھر نارووال ٹرانسفر ہوا اس کے بعد دوں ارہ اپنے پیسے و سیاسی تعلقات کی بنیاد پر سول ڈیفنس سیالکوٹ تعینات ہو کر غیر قانونی پیٹرول، ایل۔ پی۔ جی ریفلنگ دوکانوں سے وہی روایتی انداز میں منتھلی و پندری رشوت وصولی کر کے شہریوں کے جان ومال کیلئے مہلک ایسے مکروہ دھندے کو بڑھاوا دیتا ہے اور کرپشن کی کمائی سے اپنے اثاثہ جات میں مسلسل اضافہ کرتا ہے۔ واضح رہے سیالکوٹ میں میڈیا پر اس دھندے بارے خبروں کی اشاعت کے بعد ضلعی انتظامیہ نے سابقہ ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ وانسپکٹنگ آفیسر زکریا اقبال کیخلاف انکوائری کرنے کی بجائے سی۔ ڈی۔ او کی ٹرانسفر کروادی جبکہ انسپکٹنگ آفیسر زکریا کو مہینے سے زائد چھٹی بھیج کر میڈیا پر برننگ ایشو کے ٹھنڈا ہونے پر دوں ارہ زکریہ اقبال اپنی پوسٹ پر سیالکوٹ اچکا ہے۔ زکریا اقبال کے کرپشن چارجز کے کوائف بھی ضلعی انتظامیہ سے لیکر انکوائری کیجائی انتہائی ضروری ہے۔ دوسری جانب سیالکوٹ کی وکلا برادری وسول سوسائٹی سمیت مختلف شہری حلقوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے اس بارے رپورٹ طلبی کی بجائے شہریوں کی جان ومال کے دشمن ضلع سیالکوٹ میں غیر قانونی ریفلنگ جیسے مکروہ دھندے کیخلاف کریک مکمل کریک ڈاؤن کرتے ہوئے اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث سول ڈیفنس و دیگر اداروں کے سہولت کاروں کے اثاثہ جات ومنی ٹریل میچ نہ ہونے پر بھرپور محکمانہ تادیبی قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

صدر محمد خالد وسیم کی زیر قیادت ترقیاتی کام جاری ہیں۔ ڈائریکٹر شمس عمران

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی توقعات کے عین مطابق سوسائٹی میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہے نئی سڑکوں کی تعمیر کا سلسلہ اور بنیادی مسائل کا خاتمے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ڈائریکٹرز ڈاکٹر محمد منور مرزا اور شمس عمران نے نئے روڈ کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لینے کے لیے وہاں پر موجود ممبران سے ملاقات کی اور انہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے وژن کے بارے میں بتایا کہ وہ ممبران کی فلاح و بہبود اور سوسائٹی کی تعمیر وترقی کے لیے کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہیں اس پر ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی نے انتظامیہ اور محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ جس طرح تعمیراتی کاموں میں دلچسپی لی جا رہی ہے وہ قابل قدر اور قابل تحسین ہے اس موقع پر ڈائریکٹرز ڈاکٹر محمد منور مرزا اور شمس عمران نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ممبران اپنے بقایاجات اور واجبات بروقت ادا کریں تا کہ زیر تعمیر منصوبوں کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ شمس عمران نے کہا کہ سوسائٹی ممبران کی خدمت کیلئے شب و روز صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم اور انکی ٹیم ترقیاتی کاموں اور صفائی وسینٹری اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے معزز ممبران سے گزارش ہے کہ سوسائٹی ہم سب کا گھر ہے اور اسکے انتظامی معاملات ہم مل جل کر چلا رہے ہیں اپنے ذمہ واجبات بروقت ادا کیجیئے تا کہ ہم مزید جدید سہولیات دینے کے لئے نئے منصوبہ جات بھی شروع کریں۔

عالمی امن اسی صورت میں قائم ہو سکتا ہے جب پوری دنیا میں انصاف کا بول بالا ہو، راؤ طاہر مشرف

بھلوال (تحصیل رپورٹر) عالمی امن منانے کا تقاضا ہے کہ اقوام متحدہ مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا سد باب کرے۔ عالمی امن اسی صورت میں قائم ہو سکتا ہے جب پوری دنیا میں انصاف کا بول بالا ہو۔ برما، چیچنیا، کشمیر، فلسطین اور دنیا کے کئی علاقہ جات میں ظلم و بربریت کے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ سماجی انصاف کا جنازہ نکل چکا ہے۔ انسانیت سوز سلوک کے کئی واقعات منظر عام پر آچکے ہیں۔ ان حالات میں دنیا کے منصفوں کی خاموشی سوالیہ نشان ہے ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار حلقہ این اے 82 راؤ طاہر مشرف نے کیا انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے پاکستان نے ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔

اندرونی وبیرونی سازشوں سے محفوظ بنانے کے لئے پاک فوج کا کردار کلیدی ہے، چوہدری شعیب بسرا

بھلوال (تحصیل رپورٹر) پاکستان کو اندرونی و بیرونی سازشوں سے محفوظ بنانے کے لئے پاک فوج کا کردار کلیدی ہے اس سے انکار ممکن نہیں اچھے برے لوگ ہر جگہ موجود ہوتے ہیں پاکستان کی فوج میں 99.99 افسر اور جوان جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہیں نوجوانوں کے ذہنوں میں بیرونی قوتیں پاک فوج کے خلاف زہریلا مواد اپ لوڈ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں جنہیں ہم سب کو ناکام بنانا ہوگا ان خیالات کا اظہار سماجی شخصیت چوہدری شعیب بسرا نے کیا۔

صوبائی وزیر بلدیات کا اربن یونین کونسل جامکے چیمہ کو میونسپل کمیٹی بنانے کا اعلان

آر ایچ سی جامکے چیمہ کارپٹ روڈ کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق کا اربن یونین کونسل جامکے چیمہ کو میونسپل کمیٹی بنانے کا اعلان، نئے بلدیاتی نظام میں جامکے چیمہ میونسپل کمیٹی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے 4 کروڑ روپے کی لاگت سے آر ایچ سی جامکے چیمہ کارپٹ روڈ کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سابق ایم پی اے چودھری جمیل اشرف، حاجی امجد اعوان نمبر دار، چاند بھٹی، محمد سلیم بھنگو، طارق نواز بٹ، شیخ غلام جیلانی، حاجی مرزا فرحان حسین، مرزا رحمت اللہ، چودھری احسن احسان، رؤف ڈار، حاجی حبیب اللہ مہر، مورس مسیح، بوٹا بھٹی، میاں نعیم محمود اور شاہد بٹ بھی کے علاوہ معززین علاقہ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ صوبائی وزیر میاں ذیشان رفیق نے روڈ کے افتتاح کے بعد بھانو پنڈی میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے وفاق اور صوبے میں حکومت عوام کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں ہیں، سخت معاشی و اقتصادی چیلنجز کے باوجود ترقی کا پہیہ چل رہا ہے اور معاشی اہداف کے حصول کیلئے مسلم لیگ ن کی قیادت پر عزم ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔

شکر گڑھ: کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد: 22 سال کی عمر کے بچے حصہ لے سکیں گے

شکر گڑھ (نامہ نگار) کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے اشد ضروری ہے، ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے کھیلتا پنجاب کی بابت جاری میٹنگ میں کیا۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن کے مطابق نوجوان کو صحت مند سرگرمیوں میں شامل کرنے اور صحت مند معاشرے کی تشکیل کی بابت کھیلوں کے فروغ کو یقینی بنانے کیلئے صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں کھیلتا پنجاب پروگرام کے تحت کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ کھیلتا پنجاب پروگرام کے تحت ضلعی سطح پر اتھلیٹکس، کرکٹ (ٹیپ بال)، ہاکی، فٹ بال، بیڈمنٹن اور کبڈی کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، کھیلوں کے ان مقابلوں میں 22 سال تک کی عمر کے بچے حصہ لے سکیں گے۔ واضح رہے کہ ان مقابلوں کیلئے ضلعی سطح پر ٹیموں کی رجسٹریشن کا عمل 20 ستمبر سے 27 ستمبر 2024ء تک مکمل کیا جائے گا، ان مقابلوں میں حصہ لینے کیلئے ٹیموں کا اندراج سپورٹس بورڈ پنجاب کی جانب سے جاری کردہ مندرجہ ذیل لنک https://khelta.punjab.gov.pk// پر آن لائن یا متعلقہ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کے آفس میں کروایا جا سکتا ہے۔

بھلوال اور گردونواح میں صفائی کا نظام ابتر، شہری سراپا احتجاج

نور حیات کالونی، الفضل ٹاؤن، شالیمار ٹاؤن، اشرف کالونی میں صفائی کا کوئی نظام نہیں



بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال اور گردونواح میں صفائی کا نظام ابتر انتظامیہ آفسران نیند کی گولیاں کھا کر سو گئے عوام سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق نور حیات کالونی، الفضل ٹاؤن، شالیمار ٹاؤن، اشرف کالونی میں صفائی کا کوئی نظام نہیں جگہ جگہ گندگی، چک 8 شمالی کا سیوریج نظام بھی عرصہ دراز سے درہم برہم، عوام کو پیدل چلنے اور ٹریفک کو گزرنے میں دشواری جبکہ نمازیوں کو مسجد تک جانے میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عرصہ دراز سے ہفتہ ہفتہ صفائی کی طرف عدم توجہ، سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے کی بناء پر رہائشیوں کو پیدل گزرنے، بچوں کو مدارس وسکول جانے اور نمازیوں کو مساجد تک جانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ گندے پانی اور تعفن زدہ ماحول نے رہائشیوں کا جینا محال کر رکھا ہے متعدد بار شکایات کرنے کے باوجود کوئی افسران ٹس سے مس نہ ہوئے جبکہ عوامی مسئلے کو حل نہیں کیا جا رہا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صفائی عملہ بھی ہفتے بعد چکر لگا کر ''سب اچھا'' کی رپورٹ افسران بالا کو دے دیتے ہیں مگر گندگی، ناکارہ سیوریج نظام جوں کا توں موجود ہے۔

سمندری: واحد لیڈی پارک سہولتوں کی کمی کے باعث ویران

جھولے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں پارک میں آنیوالے بچے مایوس ہونے لگے



سمندری (اعظم رضا راول سے) سمندری میں خواتین کی سیر وتفریح کے لیے بنایا گیا واحد لیڈی پارک سہولتوں کی کمی کے باعث ویرانی کا منظر پیش کرنے لگا ہے عرصہ دراز سے اس میں لگائے گئے جھولے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں پارک میں آنیوالے بچے ان جھولوں کے پاس حسرت ویاس کی امید بنے کھڑے رہتے ہیں پارک میں بیٹھنے کے لیے رکھی گئیں سیٹیں خستہ حال اور لگائے گئے لائٹس پول خراب ہونے سے رات ہوتے ہی پارک میں اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے پارک کی دیکھ بھال نہ ہونے سے پودے جگہ جگہ سے خراب ہونا شروع ہو گئے ہیں دیوار پر لگائی گئی گرل غائب ہو چکی ہے پارک میں بنائے گئے واش روم خراب اور دروازے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے پارک میں آنیوالوں کو واش روم اور پینے کے پانی کی کوئی سہولت میسر نہیں عوامی حلقوں نے ارباب اختیار سے پارک میں سہولتوں کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ میں ترمیم وقت کی ضرورت ہے، پودا پاکستان

ادارہ ''پودا پاکستان'' کے زیر اہتمام ورکشاپ میں شرکاء کا مطالبہ



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ہمیں اپنی بچیوں کی بہتر مستقبل کی فکر کرنی ہوگی چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2015 میں فوری ترامیم وقت کی ضرورت ہے۔ پنجاب میں لڑکی کی شادی کی قانونی عمر کو 18 سال مقرر کیا جائے۔ ادارہ ''پودا پاکستان'' کے زیر اہتمام ورکشاپ میں شرکاء کا مطالبہ ادارہ PODA پاکستان لاہور ٹیم نے سفارت خانہ برائے ناروے اسلام آباد کے تعاون اور مقامی تنظیم سحر ویلفیئر آرگنائزیشن کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں بچیوں کی تولیدی صحت کے مسائل اور ان کے حل پر مبنی ضلعی افسران کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ جس میں محکموں کے افسران مردوں اور خواتین نے ایک بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں محکمہ سوشل ویلفیئر، ایجوکیشن، پاپولیشن، ووکیشنل انسٹیٹیوٹ، وکلاء اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔

آسیان ملکوں کے سفارت کاروں کا دورہ ہڑپہ میوزیم

سفارت کاروں نے میوزیم میں رکھے گئے نوادرات میں گہری دلچسپی لی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) آسیان ملکوں کے سفارت کاروں کا دورہ ہڑپہ میوزیم، سفارت کاروں نے میوزیم میں رکھے گئے نوادرات میں گہری دلچسپی لی، پاکستان ایک شاندار تہذیبی ورثے کا وارث رہنے والی قومیں ہی ترقی کرتی ہیں۔ اس موقع پر کیوریٹر ہڑپہ میوزیم احمد نواز ٹپو نے سفارت کاروں کو وادی سندھ کی تہذیب بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق آسیان ملکوں کے سفارت کاروں نے دورہ ہڑپہ میوزیم کا دورہ کیا۔ سفارت کاروں نے میوزیم میں رکھے گئے نوادرات میں گہری دلچسپی لی۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک شاندار تہذیبی ورثے کا وارث ہے اور اپنی تہذیب سے جڑی رہنے والی قومیں ہی ترقی کرتی ہیں۔ اس موقع پر کیوریٹر ہڑپہ میوزیم احمد نواز ٹپو نے سفارت کاروں کو وادی سندھ کی تہذیب بارے بتایا کہ وادی سندھ کی تہذیب دنیا کی قدیم ترین تہذیب ہے۔

اہل علاقہ کو ایک خوبصورت پارک کا تحفہ دیں گے، ڈپٹی کمشنر

قبرستان کی مکمل صفائی، کچرے کو ہٹانے کا کام، باغ محلہ میں صفائی بہتر کی جائے، سیدہ رملہ علی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مشین محلہ میں پارک کی حالت بہتر بنائی جا رہی ہے اور اہل علاقہ کو ایک خوبصورت پارک کا تحفہ دیں گے یہ بات ڈپٹی کمش

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وزیراعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کیلئے روانہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کے امریکا روانہ ہوگئے ہیں۔ پہلے مرحلے میں وہ ابوظہبی پہنچیں گے، جہاں ایک رات قیام کے بعد وہ 23 ستمبر کی شام کو لندن سے امریکا جائیں گے۔ روانگی سے قبل شہباز شریف نے کہا کہ 79 ویں جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر علاقی مسائل، امن کے فروغ، ترقی اور موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے امور کو اجاگر کیا جائے گا، دنیا کے سامنے پاکستان کا نقطہ نظر پیش کرنے اور مختلف امور پر پاکستان کے موقف اور مفادات کی ترجمانی کروں گا۔ سامی رابطے کے ذریعے ایکس (سابقہ ٹویٹر) پر جاری بیان میں انھوں نے مزید کہا کہ نیویارک میں انتہائی مصروف دورے کے دوران وہ پاکستان کی کامیابیوں کو مضبوط کرنے کے حوالے سے پاکستان کی کوششوں سے بھی دنیا کو آگاہ کریں گے۔

رواں برس منعقد ہونے والا اقوام متحدہ کا سالانہ جنرل اسمبلی اجلاس اس حوالے سے بہت اہمیت کا حامل ہے کہ یہ 7 اکتوبر 2023ء سے اب تک غزہ میں دہشت گرد ریاست اسرائیل کی طرف سے جاری جنگ والی پہلی دو دن کی اعلیٰ سطحی مصروفیات پر مبنی ہوگا۔ غزہ میں جاری صیہونی دہشت گردی سے متعلق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل کے اجلاس اس سے پہلے بھی ہوئے ہیں اور ان میں عین بین الاقوامی برادری واضح طور پر اتنا بکی ہے کہ وہ کس بھی صورت میں امریکا، برطانیہ اور دیگر مغربی ممالک کی آشیرباد سے ہونے والی اس دہشت گردی کو قابل قبول نہیں سمجھتی۔ شہباز شریف مختلف مواقع پر اپنے بیانات وغیرہ میں مسئلہ فلسطین سے متعلق پاکستان کے دوٹوک موقف کی وضاحت کرچکے ہیں، اب انھیں موقع ہے کہ اس مسئلے کو خصوصی طور پر اقوام متحدہ کے اجلاس میں اپنے پہلے ہی خطاب میں اور ان میں عین بین الاقوامی برادری کے سامنے بھی بھرپور طریقے سے اٹھائیں۔ ہمارے وزیراعظم کو اس حوالے سے بھی مکمل طور پر تیار ہونا چاہیے کہ وہ اس کیس کی بہتری کے لیے کیا کچھ کرسکتے ہیں، اس کے لیے انھیں کن کن ممالک کے سربراہوں سے ملنا ہے، کن کن عالمی تنظیموں کے ذمے داران سے ملاقات کرنی ہے، کن کن ممالک کے وزرائے خارجہ سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے خزانہ سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے تجارت سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے دفاع سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے اطلاعات سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے ماحولیات سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے توانائی سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے تعلیم سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے صحت سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے ثقافت سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے سیاحت سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے سائنس و ٹیکنالوجی سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے انسانی حقوق سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے اقلیتی امور سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے خواتین سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے نوجوان سے ملنا ہے، کن کن ممالک کے وزرائے کھیل



اچھی کرکٹ نہیں کھیلی کچھ قسمت نے بھی ساتھ نہ دیا، سعود شکیل

ہار جیت زندگی میں چلتی ہے اور اس سے ہی ہم سیکھتے ہیں، اس سے جاگنے کا موقع ملے گا کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے اور کیسے چیزیں بہتر کرنا ہیں، لاہور لائنز کیخلاف فتح کے بعد گفتگو

لاہور (شیروز میاں سے) چیمپئنز کپ ٹیم ڈولفنز کے کپتان سعود شکیل کا کہنا ہے کہ ہم نے اچھی کرکٹ نہیں کھیلی اور کچھ قسمت نے بھی ساتھ نہیں دیا، کہیں کہیں امپائرنگ کے فیصلے ہمارے خلاف گئے جس کا نقصان ہوا۔ لاہور لائنز کے خلاف فتح کے بعد گفتگو کرتے ہوئے سعود شکیل نے کہا کہ ہم کھیل کے تینوں شعبوں میں اچھا پرفارم نہیں کر سکے جس کی وجہ سے آخری نمبر پر رہے۔ سعود شکیل کا کہنا تھا کہ ہار جیت زندگی میں چلتی ہے اور اس سے ہی ہم سیکھتے ہیں، اس سے جاگنے کا موقع ملے گا کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے اور کیسے چیزیں بہتر کرنا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں ٹاس کا کردار کافی اہم رہا بہی میچ میں ہدف عبور نہیں ہوا، ہم نے تینوں میچز میں پہلے فیلڈنگ کی جس سے فرق پڑا۔ سعود کا کہنا تھا کہ اس ٹورنامنٹ کے آغاز سے قبل فٹنس پر بڑا زور دیا گیا تھا، سارے لڑکے فٹنس ٹیسٹ پاس کر کے آئے، تاہم مجھے لگتا ہے کہ فٹنس پر ہمیں تھوڑا اور کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ممکن ہے کہ گرمی کی وجہ سے انرجی کا لیول ڈاؤن ہوا ہو، بطور پروفیشنل پلیئرز ہمیں جہاں بہتری کی گنجائش ہو وہاں بہتر کرنا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں جہانداد خان، عاکف کی کارکردگی متاثر کن رہی، میر حمزہ کو عام طور پر ریڈ بال کا پلیئر سمجھتے ہیں لیکن اس نے یہاں زبردست بولنگ کی۔ سعود شکیل نے کہا کہ اصل کرکٹ طویل مدت کی کرکٹ ہے، وہاں ہی اصل امتحان ہوتا ہے، جس کا فرسٹ کلاس کا تجربہ ہوتا ہے وہ ہر فارمیٹ میں رنز کرتا نظر آئے گا۔ ڈولفنز کے کپتان نے کہا کہ میری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ میری پرفارمنس سے ٹیم جیتے، میں سمجھتا ہوں کہ اپنی پرفارمنس سے زیادہ اہم بات ٹیم کا جیتنا ہے۔

پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز میں دو ہفتے رہ گئے، انٹرنیشنل میڈیا رائٹس فروخت نہ ہو سکے

کراچی (این این آئی) پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے تاحال انٹرنیشنل میڈیا رائٹس فروخت نہ ہو سکے، پہلا ٹیسٹ اب 2 ہفتے ہی دور ہے، مناسب ڈیل نہ ملنے سے پی سی بی کو کئی کروڑ روپے کا نقصان ہو سکتا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے جمعے کو انگلینڈ سے ہوم ٹیسٹ سیریز کے نظرثانی شدہ شیڈول کا اعلان کیا ہے، پہلا ٹیسٹ 7 اکتوبر سے ملتان میں شروع ہوگا البتہ لیکن 2 ہفتے پہلے تک انٹرنیشنل رائٹس فروخت ہی نہیں ہو سکے ہیں، اس سے نہ صرف برطانوی شائقین میچز دیکھنے سے محروم رہ سکتے ہیں بلکہ پی سی بی کو بھی کروڑوں کا نقصان ہوگا۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ اتنی جلدی اب کوئی اچھی ڈیل ملنا انتہائی مشکل ہے، بلیک آؤٹ سے بچنے کیلئے برطانیہ میں پی سی بی کو انتہائی کم رقم پر بھی رائٹس فروخت کرنا پڑ سکتے ہیں۔

حیرت انگیز، نیوزی لینڈ اور سری لنکا کا ٹیسٹ میچ 6 روز کا ہو گیا

کولمبو (این این آئی) کرکٹ میں ایک ٹیسٹ میچ عام طور پر 5 دن کا ہوتا ہے، اگر آپ کو بتایا جائے کہ نیوزی لینڈ اور سری لنکا کے درمیان 18 ستمبر سے شروع ہونے والا ٹیسٹ میچ 5 کے بجائے 6 دن تک ہوگا تو یقیناً آپ کو حیرت ضرور ہوگی۔ ان دنوں نیوزی لینڈ کی ٹیم سری لنکا کے دورے پر ہے جہاں دونوں ٹیموں کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا میچ گال میں جاری ہے۔ یہ ٹیسٹ 18 سے 23 ستمبر تک شیڈول ہے، جو کہ 6 دن بنتے ہیں۔ سری لنکا اور نیوزی لینڈ کے گال ٹیسٹ میچ کی خاص بات یہ ہے کہ اس میچ میں ایک آرام کا دن دیا گیا ہے۔ گال ٹیسٹ میں 3 دن کا کھیل ہو چکا ہے اور ہفتے (21 ستمبر) کو سری لنکا میں صدارتی انتخابات کی وجہ سے اس میچ کے چوتھے دن پر ایک ریزرو ڈے رکھا گیا تھا جس کی وجہ سے اس میچ میں ایک اضافی دن شامل ہو گیا۔

اسامہ میر، انور علی اور عثمان شینواری کو اجازت مل گئی

مختلف غیر ملکی لیگ مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے، بورڈ سے این او سی جاری



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اُسامہ میر، انور علی اور عثمان شنواری کو بگ بیش لیگ اور مائنر کرکٹ لیگ کھیلنے کی اجازت دے دی۔ پی سی بی نے اُسامہ میر کو 3 جنوری سے 27 جنوری تک کھیلے بیگ بیش لیگ کھیلنے کا اجازت نامہ (این او سی) جاری کیا ہے۔ پی سی بی نے اس کے ساتھ انور علی اور عثمان شنواری کو مائنر کرکٹ لیگ کے لیے این او سی جاری کیا ہے۔ کرکٹ بورڈ نے دونوں کرکٹرز کو 20 ستمبر سے 6 اکتوبر تک کھیلنے این او سی جاری کیا ہے۔

کوشش ہے وائٹ بال کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواؤں، محمد ہریرہ

پوری کوشش ہوگی آخری میچ تمام بونس پوائنٹس کے ساتھ جیت کر اپنی پوزیشن کو مستحکم کریں، انٹرویو

فیصل آباد (این این آئی) چیمپئنز کپ میں شریک ٹیم ڈولفنز کے نوجوان بیٹر محمد ہریرہ کا کہنا ہے کہ ان کی خواہش ہے وہ ہر فارمیٹ میں کامیاب بیٹر بنیں اور اس مقصد کے حصول کیلئے وہ مسلسل محنت کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں محمد ہریرہ نے بتایا کہ وہ ریڈ بال کرکٹ میں زیادہ کھیل چکے ہیں اور اسکا اچھا تجربہ ہے لیکن وائٹ بال میں ابھی زیادہ موقع نہیں ملا، کوشش ہے کہ وہ وائٹ بال کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں۔ محمد ہریرہ نے کہا کہ وہ اپنے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آف سیزن میں بھی انتھک محنت کرتے ہیں اور غیر روایتی شاٹس کے ساتھ ساتھ نئے شاٹس کی پریکٹس کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ امید رکھتے ہیں آنے والے میچز میں ان کی محنت کا پھل ملے گا اور وہ اپنی بیٹنگ میں ان شاٹس کا کامیابی سے استعمال کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا فوکس ہمیشہ اپنے گیم کو بہتر کرنے پر ہوتا ہے اور وہ اس بارے میں نہیں سوچتے کہ انہیں کب موقع ملے گا۔ محمد ہریرہ کے مطابق وہ اپنے کنٹرول میں نہ آنے والی چیزوں کی فکر نہیں کرتے، بلکہ اپنی کارکردگی پر مرکوز رہتے ہیں۔

پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز، قومی سکواڈ کیسا ہوگا، فیصلہ آئندہ ہفتے ہوگا

ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی سلیکٹرز کے ساتھ مل کر ٹیم کو حتمی شکل دیں گے، شان مسعود برقرار رہنے کا امکان



لاہور (این این آئی) پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے سلسلہ میں پاکستانی ٹیسٹ سکواڈ کے لیے مشاورت آئندہ ہفتے کے دوران ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی سلیکٹرز کے ساتھ مل کر ٹیم کو حتمی شکل دیں گے، ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود کو تبدیل کرنے کا امکان نہیں۔ ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی اتوار کو لاہور پہنچ رہے ہیں جبکہ وائٹ بال ہیڈ کوچ گیری کرسٹن پہلے ہی پاکستان میں موجود ہیں، دونوں فارمیٹ کے کوچ 23 ستمبر کو کنکشن کیمپ میں شریک ہوں گے، جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن بھی مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے ملاقات کریں گے۔ وائٹ بال ہیڈ کوچ گیری کرسٹن کی پاکستان موجودگی کے دوران پاکستان وائٹ بال ٹیم پر مشاورت ہوگی، انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے اختتام کے اگلے روز پاکستان وائٹ بال ٹیم نے آسٹریلیا روانہ ہونا ہے۔



فیصل آباد: سابق وفاقی وزیر نیزہ بازی کے مقابلے میں بطور مہمان خصوصی شریک ہیں۔

چیمپئنز کپ؛ مینٹور ٹیم کو ٹورنامنٹ کے بیچ تنہا چھوڑ کر امریکا روانہ، سخت تنقید

لاہور (این این آئی) چیمپئنز ون ڈے کپ میں ماخوز کے مینٹور کو ٹورنامنٹ کو بیچ میں چھوڑ کر امریکا روانہ ہو گئے۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان اور چیمپئنز کپ میں مینٹور کی خدمات سرانجام دینے والے مصباح الحق چیریٹی ایونٹس میں شرکت کیلئے ٹورنامنٹ کو ادھورا چھوڑ کر امریکا روانہ ہو گئے۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مصباح الحق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی اجازت سے امریکا میں طے شدہ چیریٹی پروگرام میں شرکت کیلئے روانہ ہوئے ہیں۔ مصباح نے مینٹور بنائے جانے سے قبل بورڈ کو آگاہ کر دیا تھا کہ چیمپئنز کپ ون ڈے کے دوران امریکا میں ہونے والے ایونٹ میں شرکت کریں گے۔

قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی، کمنٹیٹر علی یونس کو کمنٹری پینل سے ہٹا دیا گیا

فیصل آباد (این این آئی) چیمپئنز ون ڈے کپ میں قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر کمنٹیٹر علی یونس کو کمنٹری پینل سے ہٹا دیا گیا۔ ذرائع پی سی بی کے مطابق علی یونس نے گزشتہ روز ملتان میں پاک جنوبی افریقہ ویمن سیریز میں قومی ٹیم پر تنقید کی تھی۔ کمنٹیٹر نے ویمن ٹیم کی کپتان کی طے کردہ لائن اپ کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا تھا، علی یونس نے ٹیم پلاننگ اور کوچ کی کارکردگی پر بھی تنقید کی۔

رونالڈو کی بیٹی نے عربی جملے بول کو باپ کو حیران کر دیا



لزبن (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کو ان کے بچوں نے عربی کے جملے بول کر ورطہ حیرت میں مبتلا کر دیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق اسٹار فٹبالر رونالڈو کی فیملی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں ان کے بچے عربی میں گنتی سنا رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کرسٹیانو اپنی فیملی کے ہمراہ ریاض کے ایک تفریحی مقام کی سیر کے دوران بچوں سے پرتگالی زبان میں کچھ پوچھتے ہیں جس پر ان کی بیٹی نے عربی میں ایک سے دس تک گنتی سنائی۔ وائرل ویڈیو میں ایک جملہ جو اسٹار فٹبالر نے عربی میں بولا اس کا تلفظ غلط تھا جس پر ان کی سات سالہ بیٹی آلانا ماریٹینا نے اسے درست کرایا۔ عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کو ان کے بچوں نے عربی کے جملے بول کر ورطہ حیرت میں مبتلا کر دیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق اسٹار فٹبالر رونالڈو کی فیملی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں ان کے بچے عربی میں گنتی سنا رہے ہیں۔

چیمپئنز ون ڈے کپ؛ ہائی اسکورنگ مقابلے میں پینتھرز کی اسٹالینز کو 20 رنز سے شکست

زمان خان نے 16 گیندوں پر 42 رنز بنا کر میچ کو سنسنی خیز بنا دیا لیکن آخری اوور میں وہ بھی ہمت ہار گئے

فیصل آباد (این این آئی) چیمپئنز ون ڈے کپ میں پینتھرز اور اسٹالینز کے درمیان کانٹے کا ہائی اسکورنگ مقابلہ ہوا جسے پینتھرز نے 20 رنز سے اپنے نام کر لیا۔ فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں پینتھرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں پر 344 رنز بنائے۔ صائم ایوب نے 156 کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ عثمان خان نے 75 جبکہ اذان اویس نے 51 رنز کی اننگز کھیلی۔ 345 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اسٹالینز کے اہم کھلاڑی تو ابتدا میں ہی پویلین لوٹ گئے تھے تاہم طیب طاہر اور حسین طلعت نے 157 رنز کی شراکت بنا کر میچ کو دلچسپ بنا دیا۔ طیب طاہر 109 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ حسین طلعت نے 63 رنز کی اننگز کھیلی۔ اختتامی لمحات میں زمان خان نے 16 گیندوں پر 42 رنز بنا کر میچ کو سنسنی خیز مراحل میں داخل کرنے کی کوشش کی لیکن آخری اوور میں وہ بھی ہمت ہار گئے اور پینتھرز 20 رنز سے فاتح ٹھہرے۔ چیمپئنز ون ڈے کپ کے میچز پاکستان کے پہلے اسپورٹس چینل جیو سپر سے براہ راست نشر کیے جا رہے ہیں۔ چیمپئنز ون ڈے کپ میں پینتھرز اور اسٹالینز کے درمیان کانٹے کا ہائی اسکورنگ مقابلہ ہوا جسے پینتھرز نے 20 رنز سے اپنے نام کر لیا۔ فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں پینتھرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں پر 344 رنز بنائے۔ صائم ایوب نے 156 کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ عثمان خان نے 75 جبکہ اذان اویس نے 51 رنز کی اننگز کھیلی۔

'ایک فیلڈر ادھر آئے گا' رشبھ پنت کا بنگلادیشی بولر کو مشورہ، ویڈیو وائرل



چنئی (این این آئی) چنئی میں جاری بنگلادیش اور بھارت کے پہلے ٹیسٹ میچ کے دوران وکٹ کیپر بیٹر رشبھ پنت کی بنگلادیشی بولر کو مشورہ دینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ چنئی ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں بھارتی ٹیم 376 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی جواب میں بنگلادیشی ٹیم 149 رنز پر ڈھیر ہو گئی، بھارت نے دوسری اننگز 287 رنز 4 کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے پر ڈیکلیئر کر دی اور بنگلادیش کو جیت کے لیے 515 رنز کا ہدف دیا ہے۔ بنگلادیش نے تیسرے روز کھیل کے اختتام پر 4 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے ہیں اور انہیں جیت کے لیے مزید 357 رنز درکار ہیں جبکہ بھارت کو کامیابی کے لیے 6 وکٹیں حاصل کرنا ہوں گی۔







صحیح وقت آنے پر شادی کرلوں گی، مایا علی

میں خوش قسمت ہوں کہ کام کے لیے الگ الگ اقسام کے کردار ملنے لگے ہیں



کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی کا کہنا ہے کہ صحیح وقت آنے پر شادی کرلوں گی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ مایا علی نے مداحوں کے ساتھ سوالوں و جواب کا سیشن رکھا اور اس دوران مختلف سوالات کے جوابات دیے۔ ایک مداح نے سوال کیا کہ مایا علی آپ کیا شادی نہیں کریں گی؟ جواب میں اداکارہ نے لکھا کہ 'صحیح وقت آنے پر انشااللہ شادی ہو جائے گی۔ ایک مداح نے ان سے ساتھی اداکاروں سے متعلق سوال کیا جس پر مایا علی نے یمنیٰ زیدی اور وہاج علی کی اداکاری کی تعریف بھی کی۔ آخر میں مایا علی نے مداحوں کی محبت و خلوص پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس سے قبل ایک انٹرویو میں سوشل میڈیا پر تنقید کے حوالے سے مایا علی کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کی عادت ہوتی ہے کہ وہ منفی لکھیں، ہر ایک کے کام کرنے کا اپنا طریقہ ہوتا ہے، اگر میں انہیں اتنی بری لگتی ہوں تو ان فالو کیوں نہیں کرتے۔ مایا علی کا کہنا تھا کہ مجھے وقت، حالات اور لوگوں نے بہت کچھ سکھایا ہے، میں اس حوالے سے خوش قسمت ہوں کہ کام کے لیے الگ الگ اقسام کے کردار ملنے لگے ہیں۔

'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' صرف بھارتی ریاست پنجاب میں ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی سپر اسٹار فواد خان اور اداکارہ ماہرہ خان کی بلاک بسٹر فلم 'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' کی بھارت میں ریلیز سے متعلق بڑا انکشاف ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم 'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' کے ڈسٹری بیوٹر ندیم منڈی والا نے 'انڈیا ٹوڈے' کو خصوصی انٹرویو دیا جس میں انہوں نے کہا کہ وہ فلم کو پورے بھارت میں نہیں بلکہ صرف ریاست پنجاب میں ریلیز کر رہے ہیں۔ ندیم منڈی والا نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ فلم 'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' اب بھی بھارت میں کچھ غیر معمولی بزنس کر سکتی ہے کیونکہ یہ فلم تاحال کسی بھی او ٹی ٹی پلیٹ فارم پر دستیاب نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چونکہ یہ فلم بھارت میں اپنی ریلیز کے دو سال بعد ریلیز ہو رہی ہے تو اسی وجہ سے وہ جوش و خروش نہیں ہے۔

نینتھارا بھارت میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکاراؤں میں سے ایک ہیں

ممبئی (این این آئی) ہالی ووڈ اور تامل فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ نینتھارا کی شاہ رخ خان کے ساتھ فلم 'چنئی ایکسپریس' میں کام نہ کرنے کی وجہ سامنے آگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ساؤتھ انڈین اداکارہ نینتھارا کو بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان اور دیپیکا پڈوکون کے ساتھ کام کرنے کی پیشکش ہوئی تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ نینتھارا کو فلم 'چنئی ایکسپریس' کے گانے 'ون، ٹو، تھری، فور' کے لیے پیشکش ہوئی تھی لیکن اداکارہ نے ذاتی وجوہات کی وجہ سے اس پیشکش کو مسترد کر دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ ماضی میں نینتھارا اور بھارتی کوریوگرافر پربھو دیوا کے درمیان تعلقات قائم تھے لیکن بعد میں دونوں کا بریک اپ ہو گیا تھا اور فلم 'چنئی ایکسپریس' کے گانے کی کوریوگرافی کوئی اور نہیں بلکہ پربھو دیوا کا بھائی راجو کر رہا تھا۔

میں اپنے بچوں کیلیے بہت زیادہ قصوروار ہوں، فرحان اختر

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار فرحان اختر نے اپنی سابقہ اہلیہ ادھونا بھابانی سے طلاق کے بعد بچوں پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بات کرتے ہوئے انکی زندگی کو کولیٹرل ڈیمج قرار دے دیا۔ ایک پوڈ کاسٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے فرحان اختر اور ان کی اہلیہ شبانی ڈانڈیکر نے اپنے رشتے اور بچوں پر طلاق کے اثرات کے بارے میں کھل کر گفتگو کی۔ فرحان نے کہا کہ طلاق کے بعد وہ اپنے بچوں کیلیے خود کو قصوروار قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ یقیناً بچوں کیلیے آسان نہیں ہوگا کیونکہ ایک رشتہ جسے وہ مضبوط اور کامل سمجھتے تھے وہی ٹوٹ گیا۔ انکا کہنا تھا کہ اسی وجہ سے بچوں میں غصہ، اداسی اور کسی حد تک ناراضی ضرور ہوگی۔

میں ایسی بیماری میں مبتلا ہوں جس کی وجہ سے میک اپ نہیں کرا سکتی، عالیہ بھٹ



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ عالیہ بھٹ نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جس وجہ سے وہ زیادہ دیر تک میک اپ بھی نہیں کرا سکتیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں ایک میگزین کو دیے گئے انٹرویو میں عالیہ بھٹ نے انکشاف کیا کہ وہ اے ڈی ایچ ڈی (اٹینشن ڈیفیسیٹ ہائپر ایکٹیویٹی ڈس آرڈر) میں مبتلا ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ میک اپ سیٹ پر 45 منٹ سے زیادہ دیر کا وقت نہیں گزار سکتیں اور سادہ رہنے کو ترجیح دیتی ہیں۔ عالیہ نے کہا کہ اے ڈی ایچ ڈی عارضے کے سبب مجھے کاموں میں زیادہ وقت لگانے میں دلچسپی نہیں ہے، مجھے لگتا ہے کہ جو ہو رہا ہے وہ جلدی ہو جائے، یہی وجہ ہے کہ میں میک اپ سیٹ پر بھی 45 منٹ سے زیادہ نہیں گزار سکتی۔ انہوں نے بتایا کہ شادی کے روز میک اپ آرٹسٹ نے درخواست کی کہ میں انہیں تیاری کیلئے 2 گھنٹے دوں تو میں نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا کہ میں تمہیں گھنٹے نہیں دے سکتی کیوں کہ میں chill رہنا چاہتی ہوں۔ واضح رہے کہ اے ڈی ایچ ڈی ایک ذہنی عارضہ ہے جس میں مبتلا افراد توجہ دینے میں دشواری، ضرورت سے زیادہ سرگرمی اور نتائج کی پرواہ کیے بغیر کام سرانجام دیتے ہیں۔

شلپا راؤ کی کرینہ کپور کو منفرد انداز میں سالگرہ کی مبارکباد

سیف علی خان اور کرینہ کپور 2012 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے ان کے دو بیٹے ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی گلوکارہ شلپا راؤ نے منفرد انداز میں اداکارہ کرینہ کپور کو 44 ویں سالگرہ کی مبارکباد دی جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گلوکارہ شلپا راؤ نے ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں گانا 'نہ ہو کہ بھی قریب تو ہمیشہ پاس تھا' گنگناتے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ انوراگ نائیڈو اس دوران پیانو بجا رہے ہیں۔ شلپا راؤ نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں کرینہ کپور کو مبارکباد دی اور لکھا کہ 'آپ کا سال خوبصورت گزرے، انہوں نے انوراگ نائیڈو کا بھی بہترین میوزک ترتیب دینے پر شکریہ ادا کیا۔ گلوکارہ کی میوزک ویڈیو کی اداکارہ وگ باس 15 کی فاتح گوہر خان نے بھی تعریف کی۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور 44 برس کی ہو چکی ہیں انہیں ساتھی فنکاروں اور مداحوں کی جانب سے مبارکباد دی جا رہی ہے۔ کرینہ کپور نے سال 2000 میں فلم 'ریفیوجی' سے بالی ووڈ میں قدم رکھا تھا اس فلم میں وہ ابھیشیک بچن کے ساتھ نظر آئیں۔ فلم تو باکس آفس پر کامیاب نہ ہو سکی لیکن کرینہ اپنی اگلی فلم 'مجھے کچھ کہنا ہے' ہٹ ثابت ہوئی۔ اس کے ساتھ ہی کرینہ نے سال 2001 میں پانچ فلمیں کیں جن میں سب سے زیادہ ہٹ فلم، کبھی خوشی کبھی غم تھی۔ کرینہ کپور خان نے اس فلم سے فلم انڈسٹری میں اپنا ستارہ چمکایا۔ اس کے بعد کرینہ نے کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔

کترینہ کیف اور شعیب اختر کی دوستی؟ وہاب ریاض کا بڑا انکشاف

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر و چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف اور شعیب اختر کی دوستی سے متعلق بڑا انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں وہاب ریاض نے نجی ٹی وی سے کچھ ڈریسنگ روم کی کچھ مضحکہ خیز باتیں بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔ وہاب ریاض نے ماضی کا قصہ سناتے ہوئے کہا کہ ایک بار ہم نیوزی لینڈ کے دورے پر تھے، تو ہم سب کھلاڑی فاسٹ بولر شعیب اختر کے کمرے میں کھانا کھا رہے تھے، اسی دوران ٹی وی پر بالی ووڈ اسٹار کترینہ کیف کا مشہور گانا 'شیلا کا جوانی' چل رہا تھا۔ سابق کرکٹر نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ شعیب اختر نے ٹی وی اسکرین پر دیکھ کر کہا کہ وہ کترینہ کیف کو جانتے ہیں بلکہ ان کی کترینہ کے ساتھ دوستی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شعیب اختر اور کترینہ کیف کی دوستی کی بات سن کر محمد حفیظ حیران رہ گئے تھے بلکہ انہیں تو اس بات پر یقین بھی نہیں آرہا تھا۔ وہاب ریاض نے کہا کہ جب کسی نے شعیب اختر کی بات کا یقین نہیں کیا تو انہوں نے یہ کہہ کر سب کو کمرے سے باہر نکال دیا تھا کہ تم لوگ مجھے جھوٹا انسان سمجھتے ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ کہ شعیب اختر کے غصے ہونے اور کمرے سے باہر نکالے جانے کے بعد کھلاڑیوں نے ریسٹورنٹ جا کر کھانا کھایا تھا۔ واضح رہے کہ شعیب اختر نے سال 2008 میں انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کی نمائندگی کی تھی جبکہ سابق فاسٹ بولر کو بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان اور سلمان خان کا قریبی دوست سمجھا جاتا ہے۔

نوال سعید کی مشرقی لباس میں دلفریب اداؤں پر مداح دل ہار بیٹھے

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ نوال سعید کی مشرقی لباس میں دلفریب اداؤں پر مداح دل ہار بیٹھے۔ حال ہی میں اداکارہ نوال سعید نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کی جو مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں نوال نے سلک کا مشرقی جوڑا زیب تن کیا ہوا ہے اور بالوں کو کھول رکھا ہے، گہرے میک میں نازک ادائیں اداکارہ کے حسن کو دوبالا کر رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی تہلکہ مچا دیا، پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جا رہا ہے جبکہ کمنٹ سیکشن میں مداحوں کی جانب سے محبت بھرے کمنٹس کی برسات کی جا رہی ہے۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بیمار جانوروں کے گوشت کا مکروہ دھندہ، کارروائیاں جاری

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مردار اور بیمار جانور کے گوشت کی بڑی سپلائی ناکام بنادی



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) لالیاں میں مردار اور بیمار جانوروں کے گوشت کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کے خلاف مسلسل کاروائیاں جاری پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مردار اور بیمار جانور کے گوشت کی بڑی سپلائی ناکام بنادی۔تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے تحصیل لالیاں کے محلہ مصطفے آباد میں واقع خفیہ اور غیر قانونی مذبح خانہ کا سراغ لگا کر چھاپہ مارا اور موقع پر تقریباً 250 کلو سے زائد بیمار اور مردار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کیا۔ویٹرینری ڈاکٹر کی رپورٹ کے مطابق گوشت انسانی استعمال کے لیے انتہائی نقصان دہ قرار دیا گیا۔ 250 کلو گرام سے زائد بدبودار مردہ غیر مہر شدہ اور مضر صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا اور ملزمان کو موقع پر گرفتار کروا کر پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 ترمیم شدہ 2016 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کروا دیا گیا اور موقع سے فریزر اور دیگر آلات کو بحق سرکار ضبط کر لیا گیا۔ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا ہے کہ شہریوں کو خالص، صحت بخش اور صاف خوراک کی فراہمی کے لیے صحت دشمن عناصر کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رہیں گی۔

مردار اور بیمار جانوروں کے گوشت کا مکروہ دھندہ کرنیوالے گرفتار

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مردار اور بیمار جانور کے گوشت کی بڑی سپلائی ناکام بنادی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مردار اور بیمار جانوروں کے گوشت کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی مسلسل کاروائیاں جاری، پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مردار اور بیمار جانور کے گوشت کی بڑی سپلائی ناکام بنادی۔ضلع چنیوٹ میں کاروائی کے دوران مردار اور بیمار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد۔پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے تحصیل لالیاں کے نواحی علاقہ میں واقع خفیہ اور غیر قانونی مذبح خانہ کا سراغ لگا کر چھاپہ مارا اور موقع پر تقریباً 250 کلو سے زائد بیمار اور مردار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کیا۔ویٹرینری ڈاکٹر کی رپورٹ کے مطابق گوشت انسانی استعمال کے لیے انتہائی نقصان دہ قرار دیا گیا۔ 250 کلو گرام سے زائد بدبودار مردہ غیر مہر شدہ اور مضر صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا اور ملزمان کو موقع پر گرفتار کروا کر پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 ترمیم شدہ 2016 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کروا دیا گیا اور موقع سے فریزر اور دیگر آلات کو بحق سرکار ضبط کر لیا گیا۔ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا ہے کہ شہریوں کو خالص، صحت بخش اور صاف خوراک کی فراہمی کے لیے صحت دشمن عناصر کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رہیں گی۔

ایم سی بی اسلامک بینک کی ننکانہ برانچ کو باقاعدہ فنکشنل کر دیا گیا

شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ صدر بینک زرغام خان درانی کی خصوصی شرکت



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ایم سی بی اسلامک بینک کی ننکانہ برانچ کو باقاعدہ فنکشنل کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق مسلم کمرشل بینک اسلامک ننکانہ صاحب برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ صدر بینک زرغام خان درانی کی خصوصی شرکت اس موقع پر گروپ ہیڈ اشعر اقبال، جی ایم عامر جاہی، ریجنل ہیڈ میاں سجاد اشرف، ریجنل آپریشن منیجر عثمان یعقوب، برانچ منیجر مرزا عامر اقبال، برانچ آپریشن منیجر قمر ریاض نے معزز مہمان گرامی کو خوش آمدید کہا اور شہریوں کو یقین دلایا کہ وہ ڈیجیٹل اور اسلامک بینک مستقبل کے ازسرنو تصور کے ساتھ لوگوں کی بینکاری ضروریات کے مطابق انہیں بہترین سروسز فراہم کریں گے۔

میونسپل کمیٹی کے زیر نگرانی سرگودھا روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر شاہراہوں کو وسیع اور خوبصورت بنانے کے مشن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی کے زیر نگرانی سرگودھا روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔اینٹی انکروچمنٹ اسکواڈ تجاوزات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے۔عارضی تجاوزات کو ہٹانے اور دوکانداروں کو سامان دوکانوں کے احاطہ کے اندر رکھنے کی ہدایات بھی جاری کی جارہی ہیں۔پختہ تجاوزات کو ہیوی مشینری سے ختم کیا جارہا ہے۔انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا۔مسلسل خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

بلاول بھٹو زرداری صاحب کی 36 ویں سالگرہ کا جشن راجہ چوک، بھٹو شہید منزل پر منایا گیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری صاحب کی 36 ویں سالگرہ کا جشن راجہ چوک، بھٹو شہید منزل پر منایا گیا اس موقع پر چوہدری ٹیسین سندھو قائم مقام صدر ضلع، مصدق حسین شاہ غزنوی سیکرٹری انفارمیشن ضلع حافظ شفیق راہی سٹی جنرل سیکرٹری۔پروفیسر بشارت علی نائب صدر سٹی، پروفیسر اکبر علی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سٹی، شیخ الیاس سیکرٹری فنانس ضلع، ملک اسد اعوان و دیگر نے خطاب کیا۔اس موقع پر کیک کاٹا گیا اور چائے مٹھائی و بوتلوں سے کارکنوں کی خاطر تواضع کی گئی۔اور اللہ تعالی کے حضور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی صحت وعافیت خوشیوں کامیابیوں کامرانیوں والی درازی عمر کیلئے دعائی گئی۔

آشوب چشم، نزلہ زکام، کھانسی اور الرجی کی بیماریوں میں مبتلا ہونا شروع ہوگئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم کے تبدیل ہوتے ہی آشوب چشم، نزلہ زکام، کھانسی اور الرجی کی بیماریوں میں مبتلا ہونا شروع ہوگئے۔موسمی نزلہ زکام، کھانسی، بخار نے شہریوں میں دوبارہ کورونا کا خوف پیدا کر دیا۔تاہم ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ موسم کی تبدیلی کے ساتھ بیماریاں شروع ہو جاتی ہیں۔لہذا شہری موجودہ موسم میں ٹھنڈی اور کھٹی اشیاء کا استعمال ہرگز نہ کریں۔اس موسم میں دن کے وقت گرمی اور شام کے وقت خنکی ہو جاتی ہے، شہریوں کی اکثریت اس موسم میں ٹھنڈا پانی اور کولڈ ڈرنکس کا استعمال کرتے ہیں، جس کی وجہ سے گلے میں سوزش، نزلہ، زکام کا مرض تیزی سے پھیلتا ہے۔

پولیس آپ کے جان مال اور عزت وآبرو کی محافظ ہے، پیر اظہر عباس تارڑ

آپ ہمارے کان اور آنکھیں ہیں ہم سب کو اپنے حصے کا کام کرنا چاہیے، ایس ایچ او

پسرور (نمائندہ قوت) ایس ایچ او تھانہ سبز پیر اظہر عباس تارڑ نے ہمارے نمائندے عاطف علوی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس آپ کے جان مال اور عزت وآبرو کی محافظ ہے آپ کی مدد کے بغیر جرائم پر قابو نہیں پایا جا سکتا آپ ہمارے کان اور آنکھیں ہیں ہم سب کو اپنے حصے کا کام کرنا چاہیے اپنے اردگرد نظر رکھیں کسی مشکوک سرگرمی کی اطلاع پولیس کو دیں آپ کا نام مکمل صیغہ راز میں رکھا جائے گا سرکار محمد مصطفی کا فرمان ہے کہ اگر کسی نے ناحق کسی کی ایک انچ زمین پر قبضہ کیا تو بروز قیامت اللہ اس کے گلے میں ساتوں زمینوں کا طوق اس کے گلے میں ڈالے گا یہ دنیا عارضی ہے یہاں کوئی مستقل نہیں رہے گا ہر کسی کو اللہ کے حضور پیش ہونا ہے اپنی موٹر سائیکلز کو وائرلاک ضرور لگائیں میرا دفتر آپ لوگوں کی مدد کے لئے کھلا ہے مظلوم کی مدد میرا فرض اور ظالم کی سرکوبی میرا مشن ہے میں نے اپنے ملازمین کو واضح ھدایت ہے کہ جرم کسی بھی طور برداشت نہیں کیا جائے گا جس پر اپنی پوری ٹیم کے ساتھ جرائم کی سرکوبی کے لیے ھمہ تن کوشش کام کر رہے ھیں جس کے نتیجہ میں کرائم ریٹ کافی حد تک کم ھوا ھے پچھلے دنوں اکا دکا واقعات کے تمام ملزمان کو پکڑ کر پابند سلاسل کر دیا گیا ہے ایس ایچ او۔اظہر عباس کا مزید کہنا کہ تھانہ سبز کی حدود کو ناجائز قبضہ گروپوں چوروں ڈکیتوں سے پاک کر کے دم لوں گا۔

خواجہ مسعود اختر چیئرمین پاکستان سپورٹس گڈز منتخب

اتحاد فاؤنڈرز گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے چیئرمین منتخب ہوگئے۔اس موقع پر قائد اتحاد فاؤنڈرز گروپ ریاض الدین شیخ کی زیر صدارت پروقار تقریب میں صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرام الحق، سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وسیم لودھی اور نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد سمیت سیالکوٹ بزنس کمیونٹی لیڈ باڈیز عہدیداران نے نو منتخب عہدیداران پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ و مجلس عاملہ کو ہار پہنا کر انکا پرتپاک خیر مقدم کیا۔اس موقع پر ڈپٹی لیڈر اتحاد فاؤنڈرز گروپ محمد اسلم ڈار، سابق صدور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس شیخ طاہر مجید کھوکھر، ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ، ماجد رضا بھٹہ، پریذیڈنٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ڈاکٹر مریم نعمان، سنیئر وائس پریذیڈنٹ ویمن چیمبر مسز گلریز وقاص اکرم اعوان، سابق سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وقاص اکرم اعوان آف سپیڈی ورلڈ وائیڈ، سیکرٹری جنرل اتحاد فاؤنڈرز گروپ میاں محمد خلیل، شیخ شاہد، سلیم بھٹہ، فیضان اکبر، سیکرٹری جنرل سپورٹس گڈز محمد محسن ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس خواجہ عامر جاوید و دیگر بھی شامل تھے۔

خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ کی چوہدری طارق سبحانی کو مبارکباد

وہ ریوقبیلہ نسل در نسل تعلقات کو اہمیت دیتا ہے۔چیئرمین لینڈ ریکارڈ پنجاب



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سنیئر نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب معروف قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ چوہدری طارق سبحانی وریوکو چیئرمین لینڈ ریکارڈ پنجاب عہدہ سنبھالنے پر وریو ہاؤس کینٹ سیالکوٹ ملاقات کیلئے شرکاء کے ہمراہ پہنچے جہاں وریو قبیلہ کی روح رواں نے انکا خیر مقدم کیا۔اس موقع پر سابق ضلع کونسل چیئرمین چوہدری رضا سبحانی و فرزند چوہدری خوش اختر سبحانی چوہدری جمیل سبحانی وریو ایڈووکیٹس بھی انکے ہمراہ تھے۔اس موقع پر چیئرمین لینڈ ریکارڈ پنجاب چوہدری طارق سبحانی نے سنیئر وکیل رہنما وسیالکوٹ کے حلقہ این اے 71 ٹکٹ ہولڈر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کا شکریہ سمیت خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وریو قبیلہ اپنے محسنوں اور ساتھیوں کی قدر کرتا ہے اور ملک کے مایہ ناز ایڈووکیٹ سپریم کورٹ خواجہ اویس مشتاق قیملی کیساتھ ہمارے مراسم تین نسلوں پر محیط ہیں۔

اوکاڑہ شہر اور نواح میں ڈاکو راج قائم پولیس کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ شہر اور نواح میں ڈاکو راج قائم پولیس کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق نواحی قصبہ موضع مردانی کے رہائشی محمد یوسف کے گھر آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکو داخل ہوئے اسلحہ کے زور پر اہل خانہ کو یرغمال بنا کر گن پوائنٹ پر گھر سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات 2 لاکھ روپے نقدی اور گھریلو سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں مکہ مدینہ ٹاؤن اوکاڑہ میں واقع کریانہ سٹور میں آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکو کار نمبر اے بی پی 391 پر سوار ہو کر آئے اور دوکاندار محمد سرور سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی چھین کر فائرنگ کرتے ہوئے کار میں سوار ہو کر فرار ہو گئے۔

ثریا بیگم ہسپتال جھنگ میں 3 روزہ فری آئی کیمپ جس کی نگرانی ماہر امراض چشم ڈاکٹر مہر رفعت عباس نے کی اختتام پذیر ہوگئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ثریا بیگم ہسپتال جھنگ میں 3 روزہ فری آئی کیمپ جس کی نگرانی ماہر امراض چشم ڈاکٹر مہر رفعت عباس نے کی اختتام پذیر ہوگیا۔فری کیمپ بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو جاری رہا۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر رفعت عباس نے کہا کہ الحمد اللہ اس کیمپ میں تقریباً 500 کے قریب مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا اور آنکھوں کی بیماریوں کا علاج بھی فری کیا گیا جبکہ آپریشن بھی فری کیا جائے گا اور ادویات بھی فری دی جائیں گی۔ آپریشن میں استعمال ہونے والے لینز کی معمولی قیمت وصول کی جائے گی۔

تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی پینتیس سالہ نوجوان جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی پینتیس سالہ نوجوان جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی تفصیلات کے مطابق فیصل آباد روڈ کھٹیالیاں سٹاپ کے قریب کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں حسن جاوید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں چل بسا جبکہ جاوید اقبال شدید زخمی ہوگیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چنیوٹ کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا جبکہ زخمی شخص کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

امن کمیٹی کے ممبران کے اعزاز میں پرتکلف چائے کا اہتمام

چیف آرگنائزر حاجی ملک محمد یوسف چیئرمین حاجی محمد اشرف چیمہ صدر قاری الیاس شاہد ودیگر کی شرکت



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا کی رہائشگاہ پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جشن ولادت کی خوشی میں امن کمیٹی کے ممبران کے اعزاز میں پرتکلف چائے کا اہتمام کیا گیا جس میں چیف آرگنائزر حاجی ملک محمد یوسف چیئرمین حاجی محمد اشرف چیمہ صدر قاری الیاس شاہد چیئرمین سپریم کونسل سردار ہاشم علی مان حاجی محمد فاروق اعوان سہیل محمود بٹ عامر جمیل بٹ یاسین بھٹی حافظ سیف اللہ شہباز احمد کڑھائی والے اعظم علی باجوہ قاری محمد خالد چشتی ملک نصیر احمد اور چوہدری آصف علی نمبردار نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے کائنات کو نئی روشنی ملی اللہ کریم نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ ہم نے آپ کا ذکر خود بلند کیا ہے جو صبح دوپہر شام ہر وقت ہوتا رہے گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کا جشن کسی خاص دن کا محتاج نہیں ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کی خوشی منانے کیلئے ساری زندگی بھی کم ہے ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں اس امت میں پیدا کیا گیا۔

بار ایسوسی ایشن بھلوال کا صدر لائف سٹی ریزیڈنسی نعیم ضیاء ایڈووکیٹ اور امجد پرویز جنرل سیکرٹری کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ



بھلوال (تحصیل رپورٹر) بار ایسوسی ایشن بھلوال کی طرف سے صدر لائف سٹی ریزیڈنسی نعیم ضیاء ایڈووکیٹ اور امجد پرویز جنرل سیکرٹری کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا۔اس موقع پر لائف سٹی صدر نعیم ضیاء ایڈووکیٹ اور امجد پرویز جنرل سیکرٹری کو نیک تمناؤں کیساتھ پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے۔عشائیہ میں بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران وممبران و دیگران نے بھرپور شرکت کی۔صدر لائف سٹی نعیم ضیاء ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری امجد پرویز نے آنے والے مہمانان گرامی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں جس عزت وتوقیر سے نوازا گیا وہ سب میرے لیے لائق تحسین ہے اور آپ سب کی محبت ہے۔سوسائٹی عوام کے خواب کی تعبیر ہے اس تعبیر کو خوبصورت بنانے کے لیے ہم ہمہ وقت پر عزم ہیں سوسائٹی کا نام ایک منفرد پہچان رکھتا ہے۔

پٹرول پمپس اور رائس ملز کے لیے برق رفتاری اور شفافیت سے این او سی کا اجراء حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام ہے، ڈپٹی کمشنر



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پٹرول پمپس اور رائس ملز کے لیے برق رفتاری اور شفافیت سے این او سی کا اجراء حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام ہے۔ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے پٹرول پمپس این او سی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، ریسکیو 1122، ماحولیات، ایکسین ہائی وے، ڈی ایس پی ٹریفک سمیت دیگر کمیٹی ممبران بھی موجود تھے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پٹرول پمپس کمیٹی اور ماحولیاتی منظوری کمیٹی کے اجلاس کے بعد درخواست گزاروں کو فوری فائنل این او سیز جاری کر دیے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ون ونڈو سسٹم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کے تحت ہر کیس کو حکومتی ایس او پیز کے مطابق ایک ماہ کے اندر نمٹا دیا جاتا ہے۔حکومت پنجاب کے اس انقلابی اقدام سے کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور نجی سیکٹر میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے۔

حافظ آباد صدر پولیس نے فراڈ کے مقدمات میں ملوث اشتہاری ملزم کو پھالیہ سے گرفتار کرلیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد صدر پولیس نے فراڈ کے مقدمات میں ملوث اشتہاری ملزم کو پھالیہ سے گرفتار کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزم دانش حافظ آباد لاہور سرگودھا سمیت متعدد اضلاع میں مطلوب تھا۔اور وہ نان کسٹم گاڑیوں کی جعلی دستاویزات تیار کر کے فروخت کرتا تھا۔جبکہ اس نے مختلف افراد سے کروڑوں روپے ہتھیا کر جعلی چیک دیئے ہوئے تھے۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے اس سے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

ڈسکہ: دو ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان کو شدید زخمی کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان کو شدید زخمی کر دیا ڈسکہ کے نواحی گاؤں ویروالہ کے عمران کا بھائی گزر رہا تھا کہ ملزمان شبیر اور ابوبکر نے اس پر آوازیں کسنا شروع کر دیں اس نے وجہ پوچھی تو ملزمان نے اس پر قتل کر دینے کی نیت سے فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجہ میں ایک گولی لگنے سے اس کا بھائی شدید زخمی ہوگیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی تھانہ موڑہ کے علاقہ سٹی ہاؤسنگ گھوگھیکی کا امیر اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی پینتس ہزار روپے، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے جبکہ گڑھا کلاں کے عابد سے بھی دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی ساٹھ ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

مرغی کا گوشت مہنگے داموں فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مرغی کا گوشت مہنگے داموں فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تھانہ صدر کے علاقہ گلو ٹیاں کلاں میں چھاپہ مارا تو دوکاندار ذیشان لطیف مرغی کا گوشت مقررہ کردہ ریٹ 588 روپے کی بجائے 660 روپے فی کلو فروخت کر رہا تھا جس کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

چک 56/اے ڈی میں چوری: چور بھینسیں لیکر فرار ہو گئے

شور مچانے پر جنگل کے قریب چور بگی بلوچ کی بھینس چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں چک 56/اے ڈی میں چوری کی واردات چور بگی بلوچ والد غلام بلوچ کی بھینس چوروں نے چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق بگی بلوچ نو بجے کے قریب اپنے گھر میں سو رہے تھے چوروں نے بگی بلوچ کی بھینس چوری کر کے فرار ہو رہے تھے بگی بلوچ نے اچانک دیکھا تو اس کی بھینس نہیں تھی بگی بلوچ نے چیخ پکار کی تو اہل علاقے کے لوگ چوروں کے پیچھے بھاگنا شروع کر دیا جنگل کے قریب چوروں نے بگی بلوچ کی بھینس چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھانہ صدر دیپال پور کی چوکی پہلی پہاڑ کے انچارج محمد تنویر بلوچ Asi اور اس کی ٹیم محمد کلیم حسن موقع پر پہنچ کر کاروائی شروع کر دی چوکی پہلی پہاڑ کے انچارج محمد تنویر بلوچ Asi صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم بہت جلد چوروں اور ڈکیتوں کو لگام ڈالیں گے اور ان کو چن چن کر گرفتار کریں گے حوالات میں بند کر دے گے ہماری اولین ترجیح ہے کہ ہم اپنے علاقے میں منشیات فروش اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائی شروع کر رکھی ہے

آوارہ کتوں کے کاٹنے سے ڈیڑھ درجن کے قریب شہری زخمی

صرف دو گھنٹوں میں 10 افراد ہسپتال پہنچ گئے شہر کی معروف شخصیات بھی زد میں آگئیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) آوارہ کتوں کے کاٹنے سے ڈیڑھ درجن کے قریب شہری زخمی صرف دو گھنٹوں میں 10 افراد ہسپتال پہنچ گئے شہر کی معروف شخصیات بھی زد میں آگئیں عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا اہل علاقہ کا گھروں سے باہر نکلنا دشوار نارنگ منڈی اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بہتات اہل علاقہ میں خوف وہراس پھیلا رکھا ہے آوارہ کتے شہریوں کے کاٹنے سے ڈیڑھ درجن کے قریب افراد زخمی ہوئے اور صرف دو گھنٹے میں دس افراد زخمی ہو کر جنہیں دیہی مرکز صحت نارنگ پہنچے جہاں انھیں طبی امداد اور ویکسین لگائی شہر میں آوارہ کتوں کی بہتات کے حوالے سے متعدد بار انتظامیہ کی توجہ مبذول کروائی مگر اس کے باوجود انہیں تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا دشوار ہو چکا ہے انھوں نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

نارنگ منڈی: سوئی گیس بندش کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا

پائپ لائن میں نالیوں اور گٹروں کا پانی آنے کی وجہ سے سوئی گیس بند

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سوئی گیس کی بندش کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہیلپ لائن پر متعدد بار کالیں کرنے کے باوجود شنوائی نہ ہو سکیں بتایا گیا ہے کہ شہر کے متعدد علاقوں میں سوئی گیس کی پائپ لائن میں نالیوں اور گٹروں کا پانی آنے کی وجہ سے سوئی گیس بند ہے جس سے اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کئی ماہ سے سوئی کی بندش جاری ہے اس کے باوجود کوئی نوٹس نہیں لیا گیا متعدد بار ہیلپ لائن پر کال کی گئی ہے اس کے باوجود مسئلہ حل نہیں کیا گیا چولہا آن کرنے پر گیس کی بجائے بدبودار پانی آتا ہے مہنگی ایل پی جی شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہے انہوں نے وفاقی وزیر صنعت رانا تنویر حسین رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حسان ریاض اور سوئی گیس حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

تھانہ سی ٹی ڈی کی کارروائی: خطرناک دہشتگرد مارے گئے

شیخوپورہ پولیس نے تین خطرناک دہشت گردوں کی تصاویر جاری کر دیں



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ سی ٹی ڈی شیخوپورہ پولیس نے تین خطرناک دہشت گردوں کی تصاویر جاری کی ہیں جن کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ یہ ننکانہ صاحب کے قریب دہشت گردی کے منصوبہ کو انجام دینے والے تھے کہ سی ٹی ڈی پولیس نے انسپکٹر عامر محبوب کی سربراہی میں ان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو یہ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارے گئے ہیں ان کی شناخت کیلئے کاروائی جاری ہے جس کیلئے سابقہ ریکارڈ کی جانچ کرنے سمیت اشتہارات جاری کئے گئے ہیں

نجی بینک سے لاکر میں رکھے ہوئے 35 لاکھ مالیت کے زیورات چوری، بینک ملازمین کیخلاف مقدمہ درج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے گوجرانوالہ روڈ پر واقع ایک نجی بینک سے لاکر میں رکھے ہوئے 35 لاکھ مالیت کے زیورات چرا لئے گئے جس پر پولیس تھانہ سٹی نے ایریا مینیجر عامر عباس کی مدعیت میں بینک مینیجر محمد آصف، آپریشن مینیجر فرخ شہزاد سمیت چار بینک ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔زیورات شہریوں نے بینک میں امانتاً رکھوا رکھے تھے۔

حافظ آباد: بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار ملزم کے قبضہ سے سوا کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمہ درج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سٹی پولیس نے قبرستان عیسائیاں والہ کے قریب چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے سوا کلو سے زائد چرس برآمد کر لیا۔ محمد سعید انور نے پولیس ملازمین کے ہمراہ مخبری پر چھاپہ مار کر محلہ الیاس پورہ کے رہائشی منشیات فروش جاوید حسین کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے ایک کلو 420 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

شرقپور رانا اعظم کو سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدے پر پروموٹ کر دیا گیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) ایس ایچ او تھانہ شرقپور رانا اعظم کو سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدے پر پروموٹ کر دیا گیا اس پر دوشن پر، میاں شفقت علی، سعید احمد گجر، مظہر آبہ نے رانا اعظم سے ملاقات کی اور انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کے ہار پہنائے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

آبادی کے بیچ کھلے پلاٹ میں کچرے کے ڈھیر، شہری پریشان



ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی مرکزی جامع مسجد چک نمبر 79/5-آر میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سہراسے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی مرکزی جامع مسجد چک نمبر 79/5-آر علاقہ تھانہ فتح شیر میں کھلی کچہری کا انعقاد۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے م

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے محمد ساجد ولد محمد فاروق کو بواجہ نافرمانی غلط چال چلن بُری صحبت کے اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اور مکمل لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں۔ آئندہ میں اُس کے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہیں ہوں گا بلکہ وہ خود ذمہ دار ہوگا اور ساتھ نور حسن، اقبال حسن، پسران محمد اسلم قوم تھیم گلی ماسٹر برکت علی سکھیرا والی منڈی احمد آباد ہوں گے۔

المشتہر: محمد فاروق ولد محمد یاسین قوم بھٹی سکنہ محلہ ریلوے کوارٹر منڈی احمد آباد تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

بقیہ	بقیہ جات	1

بلوچستان میں انٹفنری ڈویژن اور وزیرستان میں انفنٹری بریگیڈ کمانڈ کر چکے ہیں جبکہ وہ اپنے کورس میں اعزازی شمشیر بھی حاصل کر چکے ہیں۔اس کے علاوہ لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک چیف انسٹرکٹر آئین ڈی یو اور انسٹرکٹر کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ بھی تعینات رہ چکے ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک کورٹ لیون ورتھم اور رائل کالج آف ڈیفنس اسٹڈیز کے گریجویٹ بھی ہیں۔ذرائع کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک فوجی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، ان کے والد غلام محمد بھی لیفٹیننٹ جنرل تعینات رہے اور انہوں نے کور کمانڈ راولپنڈی کے فرائض بھی انجام دیے جب کہ لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک کے والد کو جنرل جی ایم کے طور پر جانا جاتا ہے۔واضح رہے کہ موجودہ ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو 6 اکتوبر 2021 کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کیا گیا تھا۔

بقیہ	بقیہ جات	2

ملاقات کی اور سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی عرب کے سفیر کو مبارکباد دی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مشکل کی ہر گھڑی میں بھرپور تعاون پر سعودی عرب کی حکومت اور سفیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب نے ہر آزمائش میں پاکستان کا پورا ساتھ دیا ہے، سیلاب ہو یا زلزلہ، معاشی مشکلات یا کوئی اور ایشو، سعودی عرب کے بے پایاں تعاون کی نظیر نہیں ملتی۔محسن نقوی نے کہا کہ سعودی عرب سے ہر مسلمان کو خصوصی عقیدت پر محیط تاریخ کے امین ہیں، باباجان بابا نے فرمایا تھا کہ جو قوم اپنی زبان اور ثقافت کو بھول جائے وہ قومیں مٹ جاتی ہے۔ایمل ولی کا مزید کہنا تھا کہ آج کا دن پختون کلچر کے نام کرتے ہیں آج کے دن کوئی سیاسی بات نہیں کروں گا۔

بقیہ	بقیہ جات	3

فروغ اورسی پیک کی تعمیر کیلئے کام کرنے کا خواہاں ہوں، چینی صدر نے کہا کہ پاکستان اور چین سٹریٹجک شراکت دار ہیں، دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے پر بھروسہ کیا اور ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا، ہمارے تعلقات پر بدلتا ہوا بین الاقوامی منظر نامہ کبھی اثر انداز نہیں ہوا۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق چین کے صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو ان کی سالگرہ پر تہنیتی خط ارسال کیا ہے۔چینی صدر کی جانب سے خصوصی طور پر بھیجا گیا یہ خط پاک چین سفارتی تعلقات کی مضبوطی کی جانب ایک غیر معمولی پیش رفت ہے۔ خط میں چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا کہ آپ کی سالگرہ پر آپ کو مبارکباد اور آپ کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین گہرے اور اچھے وقتوں کے اسٹریٹجک تعاون کے شراکت دار ہیں، تاریخ گواہ ہے کہ دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے پر بھروسہ کیا اور ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا۔

بقیہ	بقیہ جات	4

کے محافظ بن گئے ہیں، غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	5

اجلاسوں کو باضابطہ بنانے پر بھی بات ہوئی، مشترکہ بزنس کونسل کا اجلاس جلد بلانے پر بھی مشاورت ہوئی۔ ''شہباز شریف نے سیلابی صورتحال پر بنگلا دیش کے چیف ایڈوائزر کو خط لکھ دیا۔ذرائع کے مطابق برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹامر سے شہباز شریف کی ملاقات 25 ستمبر کو ہوگی۔

بقیہ	بقیہ جات	6

تعلقات دوستی، بھائی چارے کی اعلیٰ مثال ہیں، پاک سعودیہ دوستی آزمائش کی ہر گھڑی میں پورا اتری ہے۔محسن نقوی کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین گہرے اور دیرینہ تعلقات ہمیشہ قائم ودائم رہیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	7

آنے کا امکان ہے۔پاکستان کے شہری اس وقت دنیا بھر میں سب سے مہنگی ترین بجلی استعمال کرنے پر مجبور ہیں جس کی بڑی وجہ سابقہ حکومتوں کے آئی پی پیز کے کیے گئے معاہدے ہیں تاہم اچھی خبر یہ ہے کہ بجلی ٹیرف میں کمی کے لیے حکومت کی آئی پی پیز سے بات چیت سے متعلق پیش رفت جلد سامنے آنے کا امکان ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق حکومت سرکاری آئی پی پیز کے ٹیرف ٹیکس کم کرنے پر رضامند ہو گئی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مجموعی طور پر 100 سے زائد پاور ہاؤسز کے ٹیرف کا جائزہ لیا گیا۔بجلی صدر مملکت آصف علی زرداری نے پریکس اینڈ پروسیجر آرڈیننس پر دستخط کر دیے تھے۔اس سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ نے سپریم کورٹ ترمیمی پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس منظور کر لیا تھا۔وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس منظور کیا تھا۔وزارت قانون نے آرڈیننس وزیر اعظم اور کابینہ کو بھجوایا تھا۔آرڈیننس کے مطابق پیچیدہ عوامی اہمیت اور بنیادی انسانی حقوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مقدمات کو دیکھے گا، ہر کیس کو اس کی باری پر سنا جائے گا ورنہ وجہ بتائی جائے گی۔

بقیہ	بقیہ جات	8

مابین فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔پولیس کے مطابق ایس ایچ او جنڈ نعیم اختر افغان نے 12 جولائی کے اکثریتی فیصلے کو آئین سے متصادم قرار دیا، جس انداز میں دو ججز نے اکثریتی فیصلے پر اختلاف کا اظہار کیا وہ مناسب نہیں۔ مخصوص نشستوں سے متعلق تفصیلی فیصلہ 70 صفحات پر مشتمل ہے، تفصیلی فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا ہے۔سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں سے متعلق اکثریتی فیصلہ اردو زبان میں بھی جاری کرنے کا حکم دے دیا، احکامات کے مطابق اردو ترجمے کو کیس ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے اور ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کیا جائے۔

بقیہ	بقیہ جات	9

محض اسٹریٹجک مفادات پر مبنی نہیں، یہ دل اور روح کا رشتہ ہے۔ پاک چین تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور ایک دوسرے کی خوشحالی کے لیے غیر متزلزل عزم پر قائم ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ چین کے 75 ویں قومی دن پر پاکستانی عوام کی طرف سے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ پنجاب کے لوگ چینی بھائیوں اور بہنوں کو نیک خواہشات اور دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ عوامی جمہوریہ چین کے 75 ویں قومی دن کی تقریب میں شرکت باعث فخر ہے۔انہوں نے کہا کہ چینی قوم نے نہ صرف ترقی اور اختراع کی بلندیوں کو چھو لیا بلکہ عالمی برادری کی طرف دوستی کا ہاتھ بھی بڑھایا ہے۔ پاور کوریڈور سے لے کر عام شہریوں کے دلوں تک چین نے گھر کر لیا ہے۔مریم نواز شریف نے کہا کہ چین کی عظمت امن، تعاون اور انسانیت کی بھلائی کے غیر متزلزل عزم میں مضمر ہے۔ہم عظیم چینی قوم کا احترام کرتے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	10

نہیں ہوگا اور سرمایہ کاروں کو اپنا منافع باہر بھیجنے کی آزادی نہیں ہوگی کوئی پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں کرے گا۔دوران شو 11 فیصد شرح سود پر 600 ملین ڈالر کے مہنگے ترین کمرشل قرض کے سوال پر وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ یہ قرض عالمی مالیاتی اداروں کا پاکستان کیلئے دروازے کھولنے کا ثبوت ہے، اگر آئی ایم ایف کا فریم ورک لے کر آگے چلنا ہے تو کیا ہم ہاتھ کھڑے کر دیں؟ دیوالیا ہونے میں کیا؟انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس ریٹرنز کے آڈٹ کی ایف بی آر کے پاس صلاحیت ہی نہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	11

موجود تھے۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جاپانی امراء پہنچنے پر امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کا استقبال کیا۔ملاقات میں دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ	بقیہ جات	12

بیرون ملک سے منگوائے خام مال پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کرنے کیخلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔وکیل درخواست گزار نے کہا کہ پینگ کیلئے استعمال ہونے والے خام مال پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کرنا غیر مساوی سلوک ہے۔جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ ہمارا کام مالیاتی پالیسی کو دیکھنا نہیں ہے۔جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ وفاقی حکومت ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر سکتی ہے، یہ فیڈریشن کا پالیسی معاملہ ہے، یہ وفاقی حکومت نے طے کرنا ہے کس پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کرنی ہے۔وکیل درخواست گزار نے کہا کہ اسی نوعیت کا ایک اور خام مال ہے، جس پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد نہیں کی گئی۔جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ٹھیک ہے پھر آپ وہی خام مال منگوالیں جن پر ریگولیٹری ڈیوٹی نہیں ہے، مالیاتی پالیسی میں مداخلت نہیں کریں گے، سپریم کورٹ بطور عدالت ریگولیٹری ڈیوٹی سے متعلق مذاکرات نہیں کر سکتی۔

بقیہ	بقیہ جات	13

کہ باجا خان نے امن کا درس دیا ہے۔ایمل ولی خان نے کہا کہ پختون کلچرل ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ہمارے اجداد کے لیے قربانیاں دیں میں آپ کے لیے قربانی دوں گا۔ایمل ولی کا کہنا تھا کہ شاندار استقبال پر تمام کارکنان اور ذمہ داران کا شکریہ ادا کرتا ہوں، کراچی کے پختونوں نے اپنے کلچر کو زندہ رکھا ہوا ہے۔اے این پی رہنما کا کہنا تھا کہ پختون صدیوں پر محیط تاریخ کے امین ہیں، باچا خان بابا نے فرمایا تھا کہ جو قوم اپنی زبان اور ثقافت کو بھول جائے وہ قومیں مٹ جاتی ہے۔ایمل ولی کا مزید کہنا تھا کہ آج کا دن پختون کلچر کے نام کرتے ہیں آج کے دن کوئی سیاسی بات نہیں کروں گا۔

بقیہ	بقیہ جات	14

کارروائی ہونی چاہیے۔لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ لندن میں میری اجازت کے بغیر میری تصویر لی گئی، جو جوٹوئٹ کئے گئے میں بتا بھی نہیں سکتی، اظہر صدیق نے جعلی دستاویزات جمع کرائیں اور بعد میں معافی مانگی۔انہوں نے کہا کہ میں اپنے کیس پر حکومتی انفلوئنس استعمال نہیں کر رہی، اگر میں حکومت سے مدد طلب کروں تو میرا کیس خراب ہوگا، پی ٹی آئی جلسے کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب پر تنقید کی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ فلک جاوید کے والد نے میری ویڈیو کا الزام بھی مریم نواز پر لگا دیا۔عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ علی امین گنڈاپور نے بہت گھٹیا باتیں کیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی گندی اور گھٹیا گفتگو کا علاج ہم نے کر دیا ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	15

حزب اختلاف قومی اسمبلی عمر ایوب نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پولیس اور سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں، ملک کے دفاع اور امن کے لئے جانیں قربان کرنے والوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔عمر ایوب نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی، اپوزیشن لیڈر نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ شہید اہلکار کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی بھی دعا کی۔

بقیہ	بقیہ جات	16

امان کی صورتِ حال دیکھ لیں، صوبے کے چیف ایگزیکٹیو کو کوئی احساس نہیں، صوبائی حکومت نے ڈینگی کی روک تھام کے لیے کیا کیا؟ وزیرِ اعلیٰ کو اپنے اختیارات کا بھی پتہ نہیں، وہ غیر سنجیدہ ہیں، وزیرِ اعلیٰ صوبے کی پولیس کی حوصلہ شکنی نہ کریں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، صوبے کے چیف ایگزیکٹو کو کوئی احساس نہیں ہے، وہ تو اپنی ناکامیاں چھپانے میں لگے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنوبی اضلاع میں شام کے وقت لوگ گھروں سے نہیں نکل سکتے، سوات کے علاقہ مالم جبہ میں ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتا ہوں، بدقسمتی سے کے پی میں پی ٹی آئی کی تیسری ٹرن ہے۔وفاقی ایم نے کہا کہ کے پی میں روز بروز حالات بگڑ رہے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	17

رجسٹرار آفس کو درخواست سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔واضح رہے کہ 2 روز قبل صدر مملکت آصف علی زرداری نے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس پر دستخط کر دیے تھے۔اس سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ نے سپریم کورٹ ترمیمی پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس منظور کر لیا تھا۔وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس منظور کیا تھا۔وزارت قانون نے آرڈیننس وزیر اعظم اور کابینہ کو بھجوایا تھا۔آرڈیننس کے مطابق پیچیدہ عوامی اہمیت اور بنیادی انسانی حقوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مقدمات کو دیکھے گا، ہر کیس کو اس کی باری پر سنا جائے گا ورنہ وجہ بتائی جائے گی۔

بقیہ	بقیہ جات	18

اور جسٹس نعیم اختر افغان نے 12 جولائی کے اکثریتی فیصلے کو آئین سے متصادم قرار دیا، جس انداز میں دو ججز نے اکثریتی فیصلے پر اختلاف کا اظہار کیا وہ مناسب نہیں۔ مخصوص نشستوں سے متعلق تفصیلی فیصلہ 70 صفحات پر مشتمل ہے، تفصیلی فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا ہے۔سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں سے متعلق اکثریتی فیصلہ اردو زبان میں بھی جاری کرنے کا حکم دے دیا، احکامات کے مطابق اردو ترجمے کو کیس ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے اور ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کیا جائے۔

بقیہ	بقیہ جات	19

کرتے ہوئے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سوات میں پولیس قافلے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، اس عمل سے خیبر پختون خوا کے سفارتی طور پر تنہا ہونے کا خطرہ ہے۔گورنر خیبر پختون خوا کا کہنا ہے کہ یہ واضح ہے کے پی حکومت قیام امن کی کوششوں میں مخلص نہیں، صوبائی حکومت کی بے عملی دہشت گردوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردوں کا یہ حملہ پاکستان اور اسلام دشمنوں کی بڑی سازش کا حصہ ہے، زخمی اہلکاروں سے اظہار یکجہتی کرتا ہوں، متاثرین کے اہلخانہ کے غم میں شریک ہوں۔ان کا مزید کہنا ہے کہ کے پی حکومت کی نااہلی اور غفلت کے باعث خدشات ناقابل برداشت ہوتے جا رہے ہیں، صوبائی حکومت صرف بیان بازی کر رہی ہے، حقیقی کارروائی نظر نہیں آ رہی۔گورنر کے پی نے یہ بھی کہا کہ ہم امن واستحکام کے لیے آواز اٹھاتے رہیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	20

قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پولیس کمپلینٹ اتھارٹی ممبران کے انتخاب کا معیار طے کرنے کیلئے ہائی پاور کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق صوبائی وزیر قانون کمیٹی کے سربراہ اور سیکرٹری داخلہ پنجاب کمیٹی کے انتظامی سیکرٹری ہونگے۔کمیٹی ممبران میں چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری لائ ، آئی جی پنجاب، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ شامل ہیں۔ مذکورہ ہائی پاور کمیٹی، پولیس کمپلینٹ اتھارٹی کیلئے قابل، دیانتدار اور باصلاحیت ممبران کے انتخاب کا معیار طے کریگی۔ ترجمان نے بتایا کہ ''پولیس کمپلینٹ اتھارٹی'' کے قیام سے پولیس کے خلاف عوامی شکایات کا ازالہ ممکن ہوگا۔

بقیہ	بقیہ جات	21

دور ہنسا آپس میں دست و گریباں ہو گئے۔ فجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی کے اندر پارٹی اجلاس کے دوران اراکین اسمبلی دست و گریباں ہو گئے۔صدر پی ٹی آئی لاہور شیخ امتیاز محمود اور فرخ جاوید مون اخراجات کے معاملے پر دست و گریباں ہوئے اور دونوں نے ایک دوسرے پر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ فجی ٹی وی کے مطابق اراکین اسمبلی کی موجودگی میں فرخ جاوید مون اور شیخ امتیاز کی لڑائی ہوئی۔ شیخ امتیاز محمود کی جانب سے جلسے کے اخراجات مانگنے پر جھگڑا ہوا۔

بقیہ	بقیہ جات	22

کے عملے نے گرفتار کر لیا۔ایف آئی اے امیگریشن حکام کے مطابق ایک مسافر خاتون عزیزہ محمدی علاج کرانے کا ویزا لے کر پاکستان آئی تھی۔پیش کردہ ریکارڈ کے مطابق وہ 27 اپریل سے 20 مئی 2024ء کے درمیان اسلام آباد کے انٹرنیشنل اسپتال میں زیر علاج رہیں جبکہ پاسپورٹ کی چھان بین کے دوران پتہ چلا کہ وہ پاسپورٹ بننے کے بعد سے اب تک پہلے بھی پاکستان نہیں آئی تھی۔ اسی طرح ایک اور مہربہ رحمانی نامی افغان خاتون پاکستان میں بزنس ویزے پر آئی تھی، دستاویزات کی چھان بین کے دوران پتہ چلا کہ وہ اپنے شوہر اقبال حکیمی کے ساتھ پاکستان کے کاروباری سفر پر تھی۔شوہر کے بارے میں دریافت کیا گیا تو خاتون نے خود کو غیر شادی شدہ ظاہر کیا اور بتایا کہ وہ کسی اقبال حکیمی نامی شخص کو نہیں جانتی۔

بقیہ	بقیہ جات	23

ہے، لوگ تیار ہو رہے ہیں، احتجاج کا دائرہ وسیع ہو گا، حکومت کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کریں گے۔کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان میں بجلی کا بحران ہے، موسم بہتر ہو گیا اس کے باوجود یونٹ کم نہیں ہوئے، پچھلے سال کا جائزہ لیں تو لوگوں کا دگنے سے زیادہ بل آ رہا ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ حکومت میں شامل افراد اور ان کے قریبی لوگوں کی آئی پی پیز ہیں، جو پلانٹ مدت پوری کر چکے ہیں پھر بھی رقم ادا کی جا رہی ہے، ان کو ان کم ٹیکس میں بھی چھوٹ ہے، تنخواہ دار طبقہ کو تو ذرا بھی چھوٹ نہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	24

سے عدالتی امور کی بائیکاٹ کی وجہ سے پبلک پراسیکیوٹرز عدالتوں میں مقدمات کی پیروی کے لیے پیش نہیں ہو رہے۔ ہڑتال کے باعث چالان نہیں ہو رہے اور عدالتی امور شدید متاثر ہو رہے ہیں۔علاوہ ازیں ہڑتال کی وجہ سے مقدمات میں پیش رفت نہیں ہو پا رہی جس کی وجہ سے قیدیوں کی رہائی میں مشکلات ہو رہی ہے۔دوسری جانب سرکاری پراسیکیوٹرز کی جانب سے تنخواہوں اور مراعات سمیت پراسیکیوٹر جنرل آفس کے قیام کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ پراسیکیوشن ویلفیئر ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ خواتین پراسیکیوٹرز کے لیے تمام ڈسٹرکٹ عدالتوں میں دفاتر اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ جب تک مطالبات منظور نہیں ہوتے ہڑتال جاری رہے گی۔

بقیہ	بقیہ جات	25

ہے۔انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے موقع پر غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کے ذریعے رات کے اندھیرے میں سپریم کورٹ پر حملہ کرنے کی کوشش کی گئی۔نواز شریف کو شرم آنی چاہیے جو ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگا کر اب کھ پگی بن گیا ہے، نواز شریف آئینی ترمیم کے ذریعے چھانگا مانگا کی سیاست کو زندہ کر رہے ہیں، نواز شریف کو شکوہ ہے کہ عمران خان کے لئے کیوں نکلے اس کے پیچھے کیوں نہیں نکلے۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام سچ کو پہچان چکے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	26

کہ سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کی رائے کو اہمیت دی جائے۔ رضا ربانی نے کہا کہ کابینہ میں آئینی ترامیم پر غور کیا جائے اور پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا جائے، ضروری نہیں بل متفقہ منظور ہو، لیکن زیادہ تر ترامیم پر وسیع اتفاق رائے ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ خصوصی پارلیمانی کمیٹی ہی اتفاق رائے پیدا کرنے کا درست فورم ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	27

کہ بانی پی ٹی آئی اسرائیل کے ایجنڈے کو آگے لے جا سکتے ہیں۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	28

اسلام آباد پولیس علی ناصر رضوی عدالت میں پیش ہوئے۔ آئی جی اسلام آباد نے عدالت کو بتایا کہ چاروں ایم این ایز سے متعلق پولیس افسران کی جانب سے رپورٹ آ گئی ہے، اور نگزیب کھچی اور عثمان علی سے متعلق پولیس رپورٹ مبہم تھی، دونوں ارکان سے متعلق رپورٹس پر متعلقہ پولیس کو کلیئر رپورٹس دینے کا کہا ہے۔آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ کے مطابق پولیس اور نگزیب کھچی اور علی عثمان کے گھر گئی تو دونوں گھروں پر تھے، پولیس ظہور قریشی کی رہائش گاہ گئی تو وہ نہیں ملے۔آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ظہور قریشی کی اہلیہ نے کوئی بیان نہیں دیا، البتہ ڈرائیور نے بیرون ملک جانے کا بتایا، ظہور قریشی سے متعلق بتایا گیا کہ وہ بچے کے داخلے کے لیے کینیڈا گئے ہیں، 30 مئی کے بعد ان کے بیرون ملک جانے کی کوئی دستاویز نہیں۔ وکیل حسن شعیب نے عدالت سے استدعا کی کہ ان ارکانِ اسمبلی کا پروڈکشن آرڈر جاری کیا جائے۔عدالت نے استفسار کیا کہ جب دونوں گھر پر ہی موجود ہیں تو پروڈکشن آرڈر کیسے جاری کریں؟ چیف جسٹس اسلام آباد نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ دونوں ارکانِ پارلیمنٹ ہیں، ان کے ایسے پروڈکشن آرڈر جاری نہیں کیے جا سکتے۔بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ	بقیہ جات	29

راج کماری مریم نواز کی پوری توجہ پنجاب میں پی ٹی آئی جلسوں پر مرکوز ہے، اس حوالے سے روزانہ پنجاب پولیس کے اجلاس بلا کر حکمت عملی بناتی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مریم نواز پی ٹی آئی کی بڑھتی مقبولیت سے شدید خوف کا شکار ہے، جعلی حکومت میانوالی جلسے کی ناکامی کی کوشش کرے گی لیکن وہ جتنا بھی زور لگالیں بانی پی ٹی آئی عمران خان کو عوام کے دلوں سے نہیں نکال سکتے، جنون کا راستہ روکنا جعلی حکومت کی بس کی بات نہیں ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	30

نشستوں پر وضاحتی فیصلہ دیا۔ابھی ججوں نے تفصیلی فیصلہ لکھا نہیں اور پہلے ہی اقلیتی نکتہ نظر سامنے آ گیا ہے۔شعیب شاہین نے کہا کہ جس فریق نے کہا کہ وہ مخصوص سیٹیں نہیں مانگ رہے انہیں دے دی گئیں۔ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن جب تک نوٹیفکیشن جاری نہیں کرتا تب تک یہ ''اسٹیٹس کو'' برقرار رہے گا بہتر ہوگا تفصیلی فیصلے کے بعد نظر ثانی اپیل میں معاملہ عدالت میں ہی حل ہو۔

بقیہ	بقیہ جات	31

کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، آئین کے بنیادی ڈھانچے کے مطابق پارلیمان قانون سازی کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور تمام ادارے اس کے تابع ہیں، پارلیمان کو مضبوط بنائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا اور نہ ہی ملک آگے بڑھ سکتا ہے، آئین اور پارلیمان کو مضبوط بنانے کیلئے اپنا کردار دکھانا ہوگا، مذاکرات ہر مسئلے کا حل ہیں، فلور کراسنگ کا قانون موجود ہے، اپوزیشن آئین کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر ملک احمد خان نے کہا کہ آئینی ترامیم ہمیشہ بہت بحث کے بعد ہوتی ہیں، پارلیمان کو عدالت کیسے کہہ سکتی ہے کہ یہ قانون پاس کرے، آئین کے بنیادی ڈھانچے کے مطابق پارلیمان قانون سازی کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور تمام ادارے اس کے تابع ہیں، قانون میں موجود ہے کہ پارلیمان، سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن نے کیسے کام کرنا ہے۔قانون کے مطابق فیصلے ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ جب آئینی ترامیم کی بحث کھلی بھی نہیں تھی میں نے نکتہ اٹھایا تھا، اب پارلیمنٹ کے فیصلے کو فوقیت ہوگی یا پھر سپریم کورٹ کی، سب سے بہتر فیصلہ کرنے کی صلاحیت سیاستدان کے پاس ہوتی ہے، آمادہ نہیں ہوں کہ سیاستدان غلط فیصلہ کرتے ہیں۔ملک احمد خان نے کہا کہ الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں کو ریگولیٹ کرتا ہے، پہلے ایک حلف نامہ دیا ہوا ہے پھر نیا حلف نامہ آئے گا، یہ مناسب نہیں، پارلیمنٹ نے قانون پاس کر کے اس چیز کو واضح کر دیا۔انہوں نے کہا کہ پارٹی تبدیل کرنا اور فلور کراسنگ کرنا جیسے ایشوز آ رہے تھے، ایشوز کو دیکھ کر قومی اسمبلی نے نیا ایکٹ پاس کیا، گزشتہ تین دہائیوں میں جو ڈیشل ایکٹوازم نے پارلیمنٹ کے بہت سے حقوق کو سلب کیا جو آئین کی صریحاً خلاف ورزی تھی۔فارن فنڈنگ کا کیس ساڑھے 3 سال تک روکے رکھا گیا۔

بقیہ	بقیہ جات	32

عظمیٰ بخاری بھی آ کر حلف دیں۔انہوں نے کہا کہ میرا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے، پی ٹی آئی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔عظمیٰ بخاری کی نازیبا فیک ویڈیو: ڈی جی ایف آئی اے کو بتا دیں عدالت سے کھیلنا اتنا آسان نہیں: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جاوید اقبال کا کہنا ہے کہ میری اور میری بیٹی کی زندگی خطرے میں ہے۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ مجھے جھرجھری کو اٹھایا گیا تھا اور وحدت کالونی تھانے میں ایس ایچ او غلیظ گفتگو کرتا رہا۔

بقیہ	بقیہ جات	33

خلاف ورزی ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں قائم بینچ نے قرار دیا تھا کہ آرڈیننس صرف ایمرجنسی کی صورت میں آ سکتا ہے۔درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ پارلیمنٹ اجلاس کے فوری بعد کوئی آرڈیننس جاری نہیں ہو سکتا۔ چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ اپنے ہی فیصلے کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔حکومت آرڈیننس کے ذریعے ججز کو سیاست میں ملوث کر رہی ہے۔ آرڈیننس کو کالعدم قرار دیا جائے اور عدالتی فیصلے تک اس پر عمل درآمد روکا جائے۔درخواست دائر کرنے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے حلیم عادل شیخ نے کہا کہ جو ترمیم لائی جا رہی ہے آج ہم اس کے خلاف پٹیشن دائر کرنے آئے تھے۔ آئین کی آزادی کو ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ 2023 میں بھ

حکومت عوام کو سستی بجلی دینے میں ناکام ہو چکی ہے

ضیاالدین انصاری

پی آئی سی مریضوں کی آسانی کیلئے مزید اقدامات اٹھائے جائیں گے

خواجہ سلمان رفیق

عوام جماعت اسلامی کے بڑی تعداد میں ممبر بنیں ہم ملک وقوم کو لٹیروں نجات دلائیں گے، قائد حافظ نعیم الرحمن آئندہ کا لائحہ عمل دیں گے

24 کروڑ عوام کے محفوظ مستقبل اور کرپٹ نظام کا خاتمہ صرف دیانتدار قیادت سے ممکن ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو سستی بجلی اور دیگر ضروریات زندگی دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ وفاق اور پنجاب حکومت کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود شہری بجلی کے بھاری بلوں اور مہنگائی بے روزگاری کے ہاتھوں سراپا احتجاج بنے ہوئے ہیں۔ حکومت کے عوام کو بجلی کے بلوں میں مستقل ریلیف دینے کے وعدے بے مدت ختم ہو چکی ہے قائد حافظ نعیم الرحمن آئندہ کا لائحہ عمل دیں گے۔ جماعت اسلامی لاہور پر امن پہیہ جام ہڑتال میں اور اسلام آباد لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کرے گی۔ جماعت اسلامی لاہور کی ذمہ داران سے مشاورت کر رہی ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے کہا کہ ہم ہوبکی ہے۔ وفاق اور پنجاب حکومت کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود شہری بجلی کے بھاری بلوں اور مہنگائی بے روزگاری کے ہاتھوں



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ممبرشپ کیمپ کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

سفارتکاروں پر حملہ کرنے والوں نے گلی سڑتی چرملکیا دہشتگردوں کو پکڑ کر ٹکڑاں بہت بنا یا ہے مرکزی علما کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما کونسل پاکستان مناجد نادر محمود مولانا نادر محمود قاسمی نے کہا ہے کہ سوات میں سفارتکاروں پر حملہ کرنے والوں نے ملکی سلامتی پر حملہ کرنے والوں کو پکڑ کر نشان عبرت بنایا جائے، کسی بھی بیگانہ انسان کی جان لینے والے نہ مسلمان ہیں نہ انسان کہلانے کے حقدار، ان خبیثوں کا اظہار راہبوں کے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر علامہ شاہد نواز فاروقی، مولانا خالد محمود شادی، سید صبیح اللہ قدسی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن قمر، کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

عمر سرفراز چیمہ نے عسکری ناہر جلاؤ گھیراؤ مقدمے میں ضمانت کی درخواست دائر کردی

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب اور رہنما پاکستان تحریک انصاف عمر سرفراز چیمہ نے عسکری جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں ضمانت کی درخواست انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں دائر کردی۔ عمر سرفراز چیمہ نے اپنے وکیل کی وساطت سے ضمانت کی درخواست دائر کی۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا ہے کہ عسکری تاہر جلاؤ گھیراؤ اور اس طوث نہیں ہوں، سیاسی بنیادوں پر مقدمے میں ملزم کیا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت ضمانت کی درخواست منظور کرکے رہائی کا حکم دے۔

پنجاب پولیس کمپلینٹ اتھارٹی کے انتخاب کیلئے کمیٹی قائم

وزیر قانون پنجاب کمیٹی کے سربراہ، سیکریٹری داخلہ انتظامی سیکریٹری ہوں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب کے جناب سے پولیس کمپلینٹ اتھارٹی ممبران کے انتخاب کا معیار طے کرنے کے لیے کمیٹی قائم کردی گئی۔ وزیر قانون پنجاب کمیٹی کے سربراہ، سیکریٹری داخلہ انتظامی سیکریٹری ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی

پشتونخوا، ملیریا نے وبائی صورتحال اختیار کرلی، 9ماہ میں 54 ہزار کیسز رپورٹ

متعلقہ اضلاع کے ڈی ایچ اوز کو ملیریا کنٹرول کے لیے فی الفور اقدامات کرنے کی ہدایت جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ملیریا نے وبائی صورت حال اختیار کرلی ہے۔ 9 ماہ کے دوران ملیریا کے 54 ہزار کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ صوبائی شیئر حجتہ اعتشام علی نے ملیریا کے بڑھتے ہوئے کیسز کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اضلاع کے ڈی ایچ اوز کو ملیریا کنٹرول کے لیے فی

معاہدے سے فرار کا راستہ حکومت کو مہنگا پڑے گا، لیاقت بلوچ

پٹھو نواز شریف اور عمران خان کی پالیسیوں نے ملک کو ہر طرح کی پولرائزیشن میں مبتلا کردیا

آئی پی پیز معاہدوں کا گھناؤنا کردار کھل کر سامنے آرہا ہے

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا کہ آئی پی پیز معاہدوں کا گھناؤنا کردار کھل کر سامنے آرہا ہے، حکومت کے پٹھو نظر ہے، جماعت اسلامی نے دھرنا نہیں دھرنا ہے

لاہور پولیس مشیات سے پاک لاہور کیلئے سرگرم، بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن

رواں سال مشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں 7276 مقدمات درج، 7505 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 5386 کلو چرس، 237 کلو ہیروئین، 130 کلو آئس اور 49863 لیٹر شراب برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس مشیات سے پاک لاہور کیلئے سرگرم ہے۔ اس سلسلے میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے دوران رواں سال مشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیوں میں 7276 مقدمات درج، 7505 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 5386 کلو چرس، 237 کلو ہیروئین، 130 کلو آئس اور 49863 لیٹر شراب برآمد ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ مشیات

آئی ایم سی جی ایف ٹین ٹو میں ٹیچرز کی لاپرواہی اپنی آخری حدوں کو چھوگئی

ٹیچرز کی آڑے روڑے غیر حاضریوں سے نویں اور دسویں کلاس کی بچیوں کی تعلیم برباد ہونے لگی

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ڈی ایس ای کی ہدایت پر کارروائی

لاہور (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ڈی ایس ای کی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے آئی ایم سی جی ایف ٹین ٹو میں ٹیچرز کی غیر حاضریوں کا نوٹس لیا ہے۔ ڈی ایس ای کی ہدایت پر ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) نے اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران 5 ٹیچرز غیر حاضر پائی گئیں۔ ایجوکیشن آفیسر نے غیر حاضر ٹیچرز کی تنخواہ روکنے کی ہدایت کی ہے۔ ڈی ایس ای نے ہدایت کی ہے کہ ٹیچرز کی غیر حاضری کی رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر پیش کی جائے۔ ڈی ایس ای نے کہا ہے کہ ٹیچرز کی غیر حاضری سے بچیوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔

حکومت کا سسٹم کے نقائص دور کرکے بجلی کے نرخوں میں کمی کیلئے پلان تیار

ٹرانسمیشن سسٹم میں نقائص دور ہونے سے 71 پیسے فی یونٹ ٹیرف کم ہوگا

پلانٹس کو تھر کوئلے پر منتقلی سے بجلی کا نرخ 2 روپے فی یونٹ کم ہوگا، دستاویزات

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے سسٹم کے نقائص دور کرنے سے 71 پیسے فی یونٹ ٹیرف کم ہوگا۔ دستاویز میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ تیار کردہ کوئلے کے پاور پلانٹس تھر کوئلے پر منتقل ہونے سے بجلی کا نرخ 2 روپے فی یونٹ کم ہوگا۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ سسٹم کے نقائص دور کرنے سے 71 پیسے فی یونٹ ٹیرف کم ہوگا۔ دستاویز میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ آمدنی کے مطابق پلان تیار کرلیا ہے۔ دستاویز کے مطابق وفاقی حکومت ٹرانسمیشن سسٹم میں نقائص کو دور کرے گی،

یوم عاشور پوسٹ میں ذکر بانی پی ٹی آئی کے آزاد خارجہ پالیسی بنانے کے بیان پر آیا، ذلفی بخاری

لندن (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے بارے یوم عاشور ٹاسز کے آرٹیکل سے متعلق خواجہ آصف کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما ذلفی بخاری کہا ہے کہ پریشان نہ ہوں اور بھی بہت کچھ آنے والا ہے، میر

ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان کی زیر صدارت اجلاس

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

موصلاتی نظام کو مزید مؤثر بنانے کا حکم، ہیلپ لائن 1787 کو کمپلینٹ سنٹر پر موصلا

لاہور (خبر نگار) کمرشل ریویو، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے

اسٹیٹ بینک کا فیصلہ اچھا اور بروقت ہے: ظفر پراچہ

بازار میں نقد ڈالر کی قلت محسوس ہونے لگی تھی، بیکرز ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) بیکرز ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن نے کہا کہ بینک اخراجات سے بچنے کے لیے ڈالرز آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کا فیصلہ اچھا اور بر وقت ہے۔ خصوصی گفتگو میں ظفر پراچہ نے کہا کہ بازار میں نقد ڈالر کی قلت محسوس ہونے لگی تھی۔ انہوں

اسرائیل سے کشیدگی لبنان کی جامعہ کے کیمپس بند رکھنے کا اعلان

صورتحال کو دیکھ کر اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، جامعہ لبنان کی بیان

حل ابیب (این این آئی) اسرائیل کے حرب اللہ حملوں کے پیش نظر صیدون، طائبیہ اور حارث میں پیرو کیمپس بند رہے۔ جامعہ لبنان کا کہنا تھا کہ صورتحال کو دیکھ کر اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی

اسرائیل نے عراق سے اڑنے والے ڈرونز کو مار گرایا

اسرائیلی فضائیہ نے ایک کروز میزائل کو بھی نا کارہ بنادیا، عرب ٹی وی

حل ابیب (این این آئی) ایران کے وفادار عراقی دھڑوں کی جانب سے اتوار کو اعلان کرنے کے بعد کہ انہوں نے اسرائیل میں ایک اہم ہدف کو نشانہ بنایا ہے، عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیلی

ہم کھلی جنگ میں ہیں، لبنانی وزیر اعظم میقاتی

انٹیرز سے زخمی ہونے والے 1600 سے زائد افراد اب بھی ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں، گفتگو

بیروت (این این آئی) لبنان کے وزیر اعظم نجیب میقاتی نے زور دے کر کہا ہے کہ ان کا ملک اسرائیل کے ساتھ جنگ کو روکنے اور نامعلوم حالات سے بچنے کی کوشش کر رہا ہے۔ عرب ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے امن کے لیے سلامتی کونسل کی تمام قراردادوں کے لیے اپنے ملک کے عزم کی

سوات: سی ٹی ڈی نے پولیس وین کے قریب دھماکے کا مقدمہ درج کرلیا

سوات (این این آئی) انکمار اسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے ایلم جبہ میں گزشتہ روز ہونے والے ایم بھاکے کا مقدمہ درج کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دہشت گرد پولیس (پی ٹی ڈی) سوات نے بتایا ہے کہ سی ٹی ڈی نے گزشتہ روز غیر قانونی سگنل کی سکیورٹی پر مامور پولیس وین کے قریب ہونے والے دھماکے کا مقدمہ درج کرلیا ہے جس میں ایک پولیس اہلکار شہید ہوئے تھے۔ پی ٹی ڈی نے بتایا کہ مقدمہ میں دہشت گردی ایکٹ شامل کی گئی ہیں۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ڈی ایس ای کی ہدایت پر کارروائی

ٹیچرز کی آڑے روڑے غیر حاضریوں سے نویں اور دسویں کلاس کی بچیوں کی تعلیم برباد ہونے لگی

ڈائریکٹر ایجوکیشن (ایلیمنٹری) نے کیا ایکشن لینے کا حکم دے دیا

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ڈی ایس ای کی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے آئی ایم سی جی ایف ٹین ٹو میں ٹیچرز کی غیر حاضریوں کا نوٹس لیا ہے۔ ڈی ایس ای کی ہدایت پر ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) نے اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران 5 ٹیچرز غیر حاضر پائی گئیں۔ ایجوکیشن آفیسر نے غیر حاضر ٹیچرز کی تنخواہ روکنے کی ہدایت کی ہے۔ ڈی ایس ای نے ہدایت کی ہے کہ ٹیچرز کی غیر حاضری کی رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر پیش کی جائے۔ ڈی ایس ای نے کہا ہے کہ ٹیچرز کی غیر حاضری سے بچیوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔

یوم عاشور پوسٹ میں ذکر بانی پی ٹی آئی کے 'آزاد خارجہ پالیسی' بنانے کے بیان پر آیا، ذلفی بخاری

لندن (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے بارے یوم عاشور ٹاسز کے آرٹیکل سے متعلق خواجہ آصف کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما ذلفی بخاری کہا ہے کہ پریشان نہ ہوں اور بھی بہت کچھ آنے والا ہے، میر

اسٹیٹ بینک کا فیصلہ اچھا اور بروقت ہے: ظفر پراچہ

بازار میں نقد ڈالر کی قلت محسوس ہونے لگی تھی، بیکرز ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) بیکرز ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن نے کہا کہ بینک اخراجات سے بچنے کے لیے ڈالرز آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کا فیصلہ اچھا اور بر وقت ہے۔ خصوصی گفتگو میں ظفر پراچہ نے کہا کہ بازار میں نقد ڈالر کی قلت محسوس ہونے لگی تھی۔ انہوں